www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

ABC Certified

روزنامہ
پاکستان بلیٹن
کراچی

چیف ایڈیٹر: سِراج احمد

جلد نمبر 11	جمعہ 20 مارچ 2026ء بمطابق 30 رمضان 1447ھ	شمارہ 236	قیمت 10 روپے

وزیر اعظم

فائیو جی کی نیلامی شفاف انداز میں کی گئی

جدید انٹرنیٹ سروس 5.جی کے باقاعدہ آغاز کی راہ ہموار، پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے 3 بڑی ٹیلی کام کمپنیوں کو لائسنس جاری کردیئے

لائسنس کے اجراء کے بعد تینوں کمپنیاں 5.جی سروسز کا آغاز کرسکیں گی، جس سے صارفین کو تیز رفتار انٹرنیٹ اور جدید ڈیجیٹل سہولیات میسر آئینگی

پاکستان ٹیلی کام اتھارٹی اور ٹیلی کام آپریٹرز کے درمیان 5.جی سپیکٹرم لائسنس پر دستخط ہو گئے، سروسز کا مرحلہ وار آغاز ہو جائے گا

اسلام آباد(ویب ڈیسک) پاکستان میں جدید انٹرنیٹ سروس 5.جی کے باقاعدہ آغاز کی راہ ہموار ہوگئی ہے، جہاں پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے 3 بڑی ٹیلی کام کمپنیوں کو لائسنس جاری کردیے، سروسز کا مرحلہ وار آغاز ہو جائے گا۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے زونگ، جاز اور یوفون کو 5.جی کے لائسنس جاری کئے ہیں۔ پاکستان ٹیلی کام اتھارٹی اور ٹیلی کام آپریٹرز کے درمیان 5.جی اسپیکٹرم لائسنس پر دستخط ہو گئے، لائسنس کے اجرا کے بعد تینوں کمپنیاں ملک میں باقاعدہ طور پر 5.جی سروسز کا آغاز کرسکیں گی، جس سے صارفین کو تیز رفتار انٹرنیٹ اور جدید ڈیجیٹل سہولیات میسر آئیں گی۔ لائسنس کے اجرا کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ جدید ٹیکنالوجی کا فروغ صنعت، زراعت اور آئی ٹی سیکٹرز میں سنگ میل کی

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

فیلڈ مارشل سے علمائے فقہ جعفریہ کی ملاقات

قومی اتحاد اور معاشرتی ہم آہنگی کے فروغ پر زور

علماء کرام اتحاد، برداشت اور قومی یکجہتی کے فروغ میں اہم کردار کردار ادا کر سکتے ہیں، علما کرام گمراہ کن معلومات، فرقہ وارانہ بیانیہ اور بیرونی سازشوں کے تدارک میں اپنا کردار ادا کیں، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر

علمائے کرام کی مذہب کے نام پر تشدد کی سخت الفاظ میں مذمت، ملک میں امن و استحکام کیلئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی، آئی ایس پی آر

راولپنڈی(ویب ڈیسک) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی علمائے کرام سے ملاقات ہوئی جس میں قومی سلامتی پر تبادلہ خیال کیا گیا اور ملک میں اتحاد، برداشت اور ہم آہنگی کے فروغ میں علما کے کردار پر زور دیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق فیلڈ مارشل کی اہل تشیع کے علمائے کرام سے ملاقات میں گمراہ کن معلومات، فرقہ واریت اور بیرونی سازشوں کا مقابلہ کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا، آپریشن غضب للحق کا حوالہ دیتے ہوئے افغان سرزمین دہشت گردی کیلئے استعمال نہ ہونے دینے کا دوٹوک مؤقف بیان کیا گیا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے خطے میں کشیدگی کم کرنے کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو اجاگر کیا، مذہبی جذبات کو تشدد کیلئے بھڑکانے کی اجازت نہیں دی جائے گی، کسی دوسرے ملک میں ہونے والے واقعات کی بنیاد پر پاکستان میں تشدد برداشت نہیں کیا جائے گا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا کہ علما کرام اتحاد، برداشت اور قومی یکجہتی کے فروغ میں اہم کردار کردار ادا کر سکتے ہیں، علما کرام گمراہ کن معلومات، فرقہ وارانہ بیانیہ اور بیرونی سازشوں کے تدارک میں اپنا کردار ادا کریں، انتہاپسندی کے خاتمے اور قومی اتحاد کے فروغ میں علما اپنا مثبت کردار ادا کریں۔ چیف آف ڈیفنس فورسز نے کہا کہ افغان طالبان اپنی سرزمین دہشت

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

ایران پر اعتماد ختم، فوجی کارروائی کا حق محفوظ رکھتے ہیں، سعودی عرب

ایران ہمسایہ ممالک کے ساتھ مکالمے پر یقین نہیں رکھتا اور ان پر دباؤ ڈالنے کی کوشش کرتا ہے

ایران تنازع میں سعودی عرب کی اولین ترجیح خلیجی ممالک پر حملوں کا خاتمہ ہے

ریاض(ویب ڈیسک) سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے کہا ہے کہ ضرورت پڑی تو فوجی کارروائی کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ ریاض میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے کہا کہ ایران مسلسل شہری مقامات کو

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

وزیراعظم شہباز شریف سے سینیٹر ڈاکٹر روبینہ خالد، چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ملاقات کررہی ہیں

کراچی میں تیز آندھی بارش، اموات کی تعداد 19 ہوگئی

بلدیہ مدینہ کالونی میں دیوار گرنے سے 13 افراد دم توڑ گئے، قائد مجید کالونی میں دیوار گرنے سے میاں بیوی اور بیٹی زخمی ہوگئی

سرجانی ٹاؤن کے علاقے میں زیرتعمیر عمارت کی چھت گرگئی، ایک شخص زخمی ہوگیا، مچھر کالونی میں مکان کی چھت گرگئی

تیز ہوا کے باعث مختلف علاقوں میں درخت بھی گر گئے، کلفٹن ڈرائیونگ لائسنس برانچ کے قریب تیز ہوا سے درخت گرگیا

مختلف علاقوں اور ڈیفنس فیز ٹو، ون، اختر کالونی، کشمیر کالونی، نارتھ کراچی کے مختلف علاقوں میں بھی بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی

کراچی(ویب ڈیسک) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں آندھی کے ساتھ تیز بارش سے تباہی مچ گئی، درخت، دیواریں، چھتیں اور بجلی گرنے کے واقعات میں 20 افراد جاں بحق جبکہ متعدد زخمی ہوگئے۔ بلدیہ مدینہ کالونی میں دیوار گرنے سے 13 افراد دم توڑ گئے، قائد مجید کالونی میں دیوار گرنے سے میاں بیوی اور بیٹی زخمی ہوگئی، سرجانی ٹاؤن میں زیرتعمیر عمارت کی چھت گرگئی، ایک شخص زخمی ہوا، مچھر کالونی میں مکان کی چھت گرگئی۔ انارکلی بازار میں پولیس کیمپ سمیت متعدد سٹالز گر گئے کیمپ گرنے سے دبنے والی خواتین اہلکاروں کو ریسکیو کرلیا گیا، ماڑی پور میں 97، شاہراہ فیصل پر 90 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں ریکارڈ کی گئیں۔ تیز آندھی اور بارش کے باعث کے الیکٹرک کے 800 سے زائد فیڈرز ٹرپ کرگئے، متعدد علاقے اندھیرے میں ڈوب گئے، نارتھ کراچی،

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

امریکا اپنی خارجہ پالیسی پر کنٹرول کھو چکا ہے، عمانی وزیر خارجہ

امریکا کو موجودہ بحران سے نکلنے کے لیے اتحادیوں کی مدد درکار ہے، بدر البوسعیدی

ایران کا ردعمل ناگزیر تھا، اگرچہ وہ افسوسناک اور ناقابل قبول ہے، دی اکانومسٹ کو انٹرویو

منامہ(ویب ڈیسک) عمان کے وزیر خارجہ بدر البوسعیدی نے امریکا پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکا اپنی خارجہ پالیسی پر کنٹرول کھو چکا ہے۔ امریکا اسرائیل کے مقاصد پورے نہیں ہوں گے۔ برطانوی جریدے دی اکانومسٹ کو انٹرویو میں عمانی وزیر خارجہ بدر

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

راولپنڈی: چیف آف ڈیفنس فورسز اور چیف آف آرمی اسٹاف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اہل تشیع علماء اکرام سے ملاقات کررہے ہیں



ایرانی سکیورٹی چیف علی لاریجانی کا مارا جانا باضابطہ قتل ہے، پیوٹن

ماسکو، بیجنگ(ویب ڈیسک) روس کے صدر ولادیمیر پیوٹن نے کہا ہے کہ ایرانی سکیورٹی چیف علی لاریجانی کا مارا جانا باضابطہ قتل ہے۔ روسی صدر نے ڈاکٹر علی اردشیر لاریجانی کی

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 45

کراچی: وزیر بحری امور جنید انوار چودھری اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

نائیکوپ کارڈ پر سفر کرنیکی تجویز، جمائما گولڈسمتھ کا عطا تارڑ کو جواب

لاہور(ویب ڈیسک) سابق وزیراعظم عمران خان کی سابقہ اہلیہ جمائما گولڈ سمتھ کا کہنا ہے یہ بات قابل غور ہے کہ متعلقہ حکام کی جانب سے ویزا دینے سے انکار اور اس کے

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 46

ایران کی دفاعی صلاحیت ختم کردی، بڑے حملے کرینگے، امریکہ

ایران کی جنگ ماضی کی جنگوں سے مختلف ہے، آپریشن کا مقصد فیصلہ کن کارروائی کرنا ہے

واشنگٹن(ویب ڈیسک) امریکا کے وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ نے کہا ہے کہ ایران کی دفاعی صلاحیت کو ختم کردیا ہے، ایران کیخلاف بڑے حملے کریں گے۔ ایران جنگ پر امریکی وزیر جنگ اور امریکی جوائنٹ چیفس آف اسٹاف نے میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ایران کی جنگ ماضی کی جنگوں سے مختلف ہے، آپریشن کا مقصد فیصلہ کن کارروائی کرنا ہے۔ پیٹ ہیگسیتھ نے مزید کہا کہ ایران جنگ میں ہلاک امریکی فوجیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، ایران کی بیلسٹک میزائل

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

ایران کے سب سے بڑے گیس فیلڈ پر اسرائیلی حملے کے بعد تیل کی قیمتوں میں اضافہ

یہ اضافہ اس خدشے کے باعث ہوا کہ خطے میں جنگ طویل ہوسکتی ہے، ماہرین

تہران (ویب ڈیسک) اسرائیل کے ایران کے سب سے بڑے گیس فیلڈ پر حملے کے بعد عالمی تیل مارکیٹ میں زبردست ہلچل مچ گئی قیمتیں اچانک 5 فیصد سے زائد بڑھ گئیں اور دنیا بھر میں توانائی بحران کا خدشہ شدت اختیار کرگیا۔ رپورٹس کے مطابق برینٹ کروڈ کی قیمت بڑھ کر 108.66 ڈالر فی بیرل تک جا پہنچی، جبکہ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ بھی 98.65 ڈالر فی بیرل ہوگیا۔ ماہرین کے مطابق یہ اضافہ اس خدشے کے باعث ہوا کہ خطے میں جنگ طویل ہوسکتی

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

قطر پر دوبارہ حملہ ہوا تو پارس گیس فیلڈ کو تباہ کردیں گے، ٹرمپ

قطر کی ایل این جی تنصیبات پر حملے بلا جواز اور غیر منصفانہ ہیں، امریکا ایسا جواب دے گا جس کی شدت پہلے کبھی نہیں دیکھی گئی

پارس گیس فیلڈ ایک انتہائی اہم اور قیمتی اثاثہ ہے، اور امریکا کو اس پر ہونے والے حالیہ اسرائیلی حملے کا پیشگی علم نہیں تھا

ایران کی جانب سے قطر پر حملہ خطے میں کشیدگی کو مزید بڑھا سکتا ہے، امریکا اس سطح کی تباہی سے بچنا چاہتا ہے، امریکی صدر

واشنگٹن(ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو سخت وارننگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر ایران نے قطر پر دوبارہ حملہ کیا تو امریکا ساتھ پارس گیس فیلڈ کو تباہ کردے گا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹرتھ سوشل پر جاری بیان میں ٹرمپ نے کہا کہ ساتھ پارس گیس فیلڈ ایک انتہائی اہم اور قیمتی اثاثہ ہے، اور امریکا کو اس پر ہونے والے حالیہ اسرائیلی حملے کا پیشگی علم نہیں

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

پاکستان نے بھارت میں اسرائیلی سفیر کے الزامات مسترد کردیے

ذمہ دار ریاستیں عالمی قوانین کا احترام کرتی ہیں، الزام تراشی سے نہیں بچتیں، ترجمان

اسلام آباد(ویب ڈیسک) پاکستان نے بھارت میں اسرائیلی سفیر کے الزامات مسترد کر دیے۔ اسلام آباد میں ترجمان دفتر خارجہ نے بے بنیاد کردار کشی کو یکسر مسترد کردیا اور کہا کہ حقیقی جارحیت اسرائیل کے غیر قانونی قبضے اور غزہ میں انسانی بحران سے عیاں ہے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ اسرائیلی قیادت کے خلاف عالمی عدالتوں میں مقدمات اور عالمی ریکارڈ سب کے سامنے ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ ذمہ دار ریاستیں عالمی قوانین کا احترام کرتی ہیں، الزام

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

حکومت نے بچت کے نام پر صرف عوام کا گلا گھونٹا، تیمور سلیم جھگڑا

وقت سے پہلے پیٹرول قیمتیں بڑھا کر 20 ارب روپے کمپنیوں کی جیب میں ڈالے گئے

ملکی تاریخ کا بدترین مہنگائی کا بم عوام پر پھوڑا گیا، رہنما پاکستان تحریک انصاف

پشاور(ویب ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما تیمور سلیم جھگڑا کا کہنا ہے وقت سے پہلے پیٹرولیم قیمتیں بڑھا کر مبینہ طور پر 20 ارب روپے کمپنیوں کی جیب میں ڈالے گئے۔ مسلم لیگ (ن) ایک ہفتے میں اپنے ہی بیانیے سے پھر گئی جس سہولت پر عمران خان کو تنقید

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

مریم نواز

شہریوں کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا

اے ٹی ایمز اور بینکوں کے اطراف سکیورٹی اور گشت بڑھانے، پولیس اور ٹرانسپورٹ حکام کو بس سٹینڈز اور ویگن اڈوں پر مسلسل مانیٹرنگ یقینی بنانے کی بھی ہدایت

خواتین اور بچوں کو ہراسانی سے بچانے کے لیے ویمن پولیس سکواڈ کی خصوصی گشت بھی یقینی بنانے کا حکم، بازاروں میں اضافی نفری تعینات کرنے کا حکم

لاہور(ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے چاندرات کے موقع پر صوبہ بھر میں سکیورٹی کے فول پروف انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت جاری کردی۔ انہوں نے بس سٹینڈز، ویگن اڈوں، تجارتی مراکز اور مارکیٹوں میں سکیورٹی مزید سخت کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ شہریوں کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے چاند رات پر بازاروں میں اضافی نفری تعینات کرنے کی ہدایت دی ہے، جبکہ خواتین اور بچوں کو ہراسانی سے بچانے کے لیے ویمن پولیس سکواڈ کی خصوصی گشت بھی یقینی بنانے کا حکم دیا ہے، انہوں نے واضح کیا کہ ہراسانی کے واقعات کی روک تھام ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ علاوہ ازیں، بازاروں اور مارکیٹوں کی نگرانی کے لیے ڈرون کیمروں کے استعمال اور رات کے وقت

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

راولپنڈی: چیف آف ڈیفنس فورسز اور چیف آف آرمی اسٹاف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اہل تشیع علماء اکرام سے خطاب کررہے ہیں

وزیراعلیٰ سندھ کی کراچی میں پانی کے منصوبوں پر کام تیز کرنیکی ہدایت

گنجان آباد علاقوں میں موجود یوٹیلیٹی لائنز کے پیش نظر جدید کھدائی تکنیک استعمال کی جائے تاکہ عوامی انفراسٹرکچر کو نقصان نہ پہنچے اور شہری خدمات متاثر نہ ہوں

کے 4 منصوبہ اور کے ڈبلیو ایس ایس آئی پی کے تحت اصلاحات بروقت مکمل کی جائیں، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے پانی کے منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے جمعرات کو کراچی میں پانی کے بڑے انفراسٹرکچر منصوبوں پر کام تیز کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا ہے کہ کے فور واٹر سپلائی پروجیکٹ اور کراچی واٹر اینڈ سیوریج سروسز امپرومنٹ پروجیکٹ (کے ڈبلیو ایس ایس آئی پی) کے تحت جاری اصلاحات کی بروقت تکمیل شہر کی بڑھتی ہوئی آبی و نکاسی آب کی ضروریات پوری کرنے کے لیے ناگزیر ہے۔ وزیراعلیٰ ہاؤس میں منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ کراچی کے پانی کی فراہمی کے نظام کو بہتر بنانا صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہر کی بڑھتی ہوئی آبادی جدید اور مؤثر پانی کی فراہمی کے نظام کی متقاضی ہے، اس لیے تمام جاری منصوبوں کو مقررہ وقت اور اعلیٰ معیار

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

اسحاق ڈار کی اسلامی ممالک کے وزرائے خارجہ اجلاس میں شرکت

ریاض(ویب ڈیسک) وزیرخارجہ اسحاق ڈار نے ریاض میں عرب و اسلامی ممالک کے وزرائے خارجہ اجلاس میں شرکت کی۔ سعودی عرب کی میزبانی میں ہونے والے اجلاس میں حالیہ علاقائی صورتحال پر غور کیا گیا۔ ترجمان دفتر

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

ایران اپنی خودمختاری میں کوئی کسر نہیں چھوڑے گا، عباس عراقچی

تہران(ویب ڈیسک) ایرانی وزیرخارجہ عباس عراقچی نے پاکستان، ترکیہ اور مصر کے وزرائے خارجہ سے علیحدہ علیحدہ ٹیلی فون پر گفتگو کی ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایران نے امریکا

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

کراچی میں شدید بارش اور تیز ہواوں کے نتیجے میں ایک درخت گراہوا ہے

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ ABC Certified

پاکستان بلیٹن کراچی

چیف ایڈیٹر: سراج احمد — مینجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفیٰ

پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42،تھرڈ فلور، ہینڈی کرافٹ بلڈنگ،عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔

☎ 021-35210448
021-36450295

021-35210448

pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com

www.dailyPakistanbulletin.pk

بچت پالیسی: یومِ پاکستان کی تقریبات منسوخ

وزیراعظم ہاؤس سے جاری ہونے والے ایک اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ یومِ پاکستان کی پریڈ اوراس سے منسلک تمام تقریبات منعقد نہیں کی جائیں گی۔ 23مارچ سادہ پرچم کشائی کی تقریبات کے ذریعے منایا جائے گا۔ بتایا گیا ہے کہ حکومت نے یہ فیصلہ کفایت شعاری اقدامات کے تناظر میں کیا ہے۔ علاوہ ازیں، وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرصدارت خطے کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر ایندھن کی بچت اور کفایت شعاری کے اقدامات کے نفاذ پر جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کو کفایت شعاری اور بچت کے اقدامات پر عمل درآمد کی پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ وزیراعظم کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر عمل درآمد یقینی بنایا جارہا ہے جبکہ انٹیلی جینس بیورو تمام اقدامات پر عمل درآمد کی نگرانی رپورٹ پیش کرے گی۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ ملک میں پٹرولیم مصنوعات کا ضروریات کے مطابق مناسب ذخیرہ موجود ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ پٹرولیم مصنوعات کی مسلسل نگرانی اور ریکارڈ رکھا جارہا ہے تاکہ کسی بھی بے قاعدگی کی فوری نشاندہی کی جا سکے۔ کابینہ ارکان کی جانب سے رضاکارانہ طور پر تنخواہیں نہ لینے اور سرکاری محکموں میں تیل کی کٹوتی کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں جس سے عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔ اس موقع پر وزیراعظم نے ہدایت کی کہ پٹرولیم درآمدات کی سپلائی چین کو مزید بہتر بنانے کے لیے وزیر پٹرولیم متحرک کردار ادا کریں جبکہ حالات کی بہتری تک تمام متعلقہ ادارے ہنگامی اقدامات کے لیے تیار رہیں۔ اس سلسلے میں بنیادی بات یہ ہے کہ حکومت کفایت شعاری اور بچت پالیسی کے سلسلے میں جو اقدامات کررہی ہے وہ مردے کے بال کاٹ کر اس کا وزن کم کرنے کے مترادف ہیں۔ حکومتی اشرافیہ کے لیے نئی گاڑیاں خریدنے پر تو کوئی پابندی نظر نہیں آرہی لیکن ایسے کاموں پر پابندی لگائی جارہی ہے جن سے بہت کم فرق پڑنے کا امکان ہے۔ مزید یہ کہ وزیراعظم، وزرائے اعلیٰ، وزرا ،مشیران اور معاونین میں سے کون ایسا ہے جسے تنخواہ لینے یا نہ لینے سے کوئی فرق پڑتا ہے؟ ان عہدوں پر بیٹھے تمام لوگ ایسے ہیں جن کے پاس کروڑوں اربوں اور کچھ کے پاس تو کھربوں روپے ہیں، چند لاکھ روپے کی تنخواہ سے ان کا کیا ہونا ہے، اور ویسے بھی ان کے لیے آمدنی اتنی جہتیں موجود ہیں اور ان سے اتنا آمدن حاصل ہوتی ہے کہ تنخواہ تو اس کے مقابلے میں بہت ہی معمولی سی لگتی ہے۔ اب جہاں تک یومِ پاکستان کی پریڈ اور تقریبات کا تعلق ہے تو پریڈ اور اس سے متعلقہ تقریبات کو جوش وخروش سے منعقد کرنا ہمارے قومی تشخص اور وقار کی علامت ہے۔ اسے کفایت شعاری کے نام پر منسوخ کرنا کسی صورت دانش مندانہ اقدام نہیں۔ ویسے بھی پریڈ منسوخ کرنے سے کتنی بچت ہو جائے گی؟ وزیراعظم کو اپنے اس فیصلے پر نظر ثانی کرنی چاہیے۔

برطانوی سفیر کی اچکزئی سے ملاقات کیا معنی رکھتی ہے؟

برطانوی ہائی کمشنر جین میرٹ نے گزشتہ ہفتے نیشنل اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کے مخصوص چیمبر میں محمود خاں اچکزئی سے ملاقات کی -بات چیت کا محور باہمی تعلقات اور سیاسی امور پر تبادلہ خیال تھا- ملاقات ایسے وقت میں ہوئی جب پوری دنیا کا منظرنامہ تبدیل ہو رہا ہے - کئی روز سے پاک افغان جنگ بھی جاری ہے جبکہ خلیجی جنگ کے باعث دنیا بھر کی اسٹاک ایکسچینج اور سارے کا سارا معاشی نظام چاروں شانے چت ہوگیا ہے- جین میرٹ اپوزیشن لیڈر کے پاس کیوں گئیں؟ حکومت کے بجائے محمود خاں اچکزئی سے ہی ملنا کیوں پسند کیا؟ جبکہ محمود اچکزئی افغان طالبان رجیم کے بہت قریب سمجھے جاتے ہیں -ان کے لیے ہمدردی کے جذبات اور دل میں بہت نرم گوشہ رکھتے ہیں -ماضی میں ان کی تقاریر شاہد ہیں کہ افغان طالبان رجیم کے لیے ان کی سوچ اور افکار کیا رہے - حکومت اس ملاقات کو کس نظر سے دیکھ رہی ہے - کیا یہ ملاقات سفارتی آداب کے منافی تھی؟ اس پر بہت بات کی جا رہی ہے اور اس تناظر میں بحث وگفتگو، تجزیوں اور تبصروں کا سلسلہ بھی جاری ہے-

برطانوی ہائی کمیشن کا جہاں تک تعلق ہے اس کے دفاتر کراچی، اسلام آباد اور لاہور میں واقع ہیں- برطانوی ہائی کمیشن پاکستان اور برطانیہ کے مابین دو طرفہ تعلقات سے متعلق امور اور دیگر معاملات کی

سعد اختر

نگرانی کرتا ہے -اگرچہ آئین پاکستان کسی غیرملکی سفارت کار کو کسی سیاسی شخصیت سے ملاقات کے لیے کوئی قدغن نہیں لگاتا -وہ جہاں چاہے، جب چاہے کسی سے بھی ملاقات کرسکتا ہے - لیکن اس ملاقات کو بہت غیر معمولی بنا دیا گیا ہے -جین میرٹ، اپوزیشن لیڈر سے ملاقات کے لیے نیشنل اسمبلی آئیں تو محمود اچکزئی اپنے چیمبر میں پہلے ہی سے موجود تھے -انہیں آگاہی تھی کہ جین میرٹ ملاقات کے لیے آرہی ہیں -اس موقع پر تحریک تحفظ پاکستان کے حسین احمد یوسفزئی بھی چیمبر میں پائے گئے - گفتگو کا آغاز پاکستان اور برطانیہ کے درمیان باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ تعلقات کے فروغ، خطے کی مجموعی صورت حال اور عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاو اور اس کے معیشت پر ممکنہ اثرات کے تناظر میں ہوا -دونوں جانب سے تعاون بڑھانے، جمہوری اقدار کے استحکام اور خطے میں دیرپا امن کے فروغ کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا-

کہا جاتا ہے ملاقات خوشگوار ماحول میں بہت تعمیری رہی -جس میں مشترکہ دلچسپی کے امور کے تناظر میں رابطوں کو برقرار رکھنے پر اتفاق کیا گیا- حساس سیاسی ماحول میں کسی غیرملکی سفارت کار کی اپوزیشن لیڈر سے ملاقات فطری طور پر بہت سے سوالات کو جنم دے رہی ہے - کوئی شک نہیں، پاکستان ،برطانیہ سمیت دنیا کے تمام ممالک کے ساتھ حقیقی اور مضبوط تعلقات چاہتا ہے -ہمیشہ سے اس کا خواہش مند بھی رہا ہے - کیونکہ اچھے باہمی تعلقات ہوں تو معیشت کو فروغ ملتا ہے -خوشحالی آتی ہے - مگر یہ بھی حقیقت ہے کچھ سفارتی آداب بھی ہوتے ہیں جن کا تقاضا ہوتا ہے کہ ریاستی معاملات میں کسی سے کوئی رابطہ درکار ہو تو وہ رابطہ منتخب حکومت ہی کے توسط سے عمل میں آئے -

ایسے روابط یا ملاقاتوں میں شفافیت کا ہونا بھی ضروری ہے -ورنہ ابہام پیدا ہوتے ہیں، غلط فہمیاں جنم لیتی ہیں-

وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی زیر صدارت پچھلے دنوں ملکی سیکورٹی کے حوالے سے اہم جلاس کا سوچا گیا تو اس میں شرکت کے لیے دیگر جماعتوں کے علاوہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کو بھی شرکت کی دعوت دی گئی -دعوت کے لیے وزیراعظم کے سیاسی مشیر رانا ثنااللہ اور طارق فضل چودھری خود اپوزیشن لیڈر محمود خاں اچکزئی کے چیمبر میں گئے انہیں باضابطہ طور پر اس سیکورٹی میٹنگ کے لیے مدعو کیا - مگر محمود خاں اچکزئی نے اس اہم میٹنگ میں شرکت نہ کی، کہتے ہیں وقت نہیں تھا - مگر برطانوی سفیر سے ملاقات کے لیے کافی وقت نکالا، ملاقات بھی کی -جس سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ سیکورٹی ایشوز کی اپوزیشن کے نزدیک کوئی اہمیت نہیں، اچکزئی صاحب نے برطانوی سفیر سے ملاقات کے لیے وقت نکال کر یہ پیغام دیا کہ ان کی سوچ میں کہیں نہ کہیں کوئی خلل ہے - ملکی سلامتی سے زیادہ ترجیحات کچھ اور ہیں-

ذرائع کے مطابق ریاستی معاملات میں حکومت تمام جماعتوں کو آن بورڈ لینا چاہتی ہے - اس خواہش کے تحت اپوزیشن جماعتوں کے رہنماوں کے ساتھ حکومتی وزرا کے رابطے بھی ہوتے رہتے ہیں تاکہ سیاست میں چپقلش اور دنگا فساد کی بجائے افہام وتفہیم کی راہ پیدا کی جائے -بین الاقوامی جو حالات ہیں، پاک افغان تعلقات جس دوراہے پر کھڑے ہیں، خلیجی جنگ کا آغاز ہے -ایران اور امریکہ اسرائیل ایک دوسرے کے مدمقابل ہیں جس کی وجہ سے تیل کا عالمی بحران پیدا ہوگیا ہے -پاکستان سمیت ہر ملک کی معیشت ابتر حالت میں ہے - ایسے میں ملک کو اور بھی زیادہ یک جہتی اور مستحکم وحدت کی ضرورت ہے -ہرزہ سرائی اور منفی سیاست کسی طرح بھی کسی سیاسی جماعت اور رہنما کو زیب نہیں دیتی-

محمود خاں اچکزئی منجھے ہوئے سیاست دان اور سینئر پارلیمنٹرین ہیں - کیا مناسب نہیں تھا کہ سیکورٹی میٹنگ میں شرکت کے لیے جاتے اور جتنے بھی سیکورٹی ایشوز ہیں ان پر ہونے والی گفتگو میں اپنا حصہ ڈالتے - مگر پی ٹی آئی کے زیراثر ہونے کے باعث انہوں نے جانے سے اجتناب کیا اور کسی پارٹی کا ریفائی ہونے کی بابت اپنی کیفیت ظاہر کر دی - محمود خاں اچکزئی جیسے سینئر سیاستدان اگر مفادات کی سیاست کریں گے، ملکی سلامتی کے ایشوز ان کی ترجیحات میں نہیں ہوں گے، تو یقینی طور پر اپنا سیاسی قد کاٹھ گھٹائیں گے-

برطانوی ہائی کمشنر جین میرٹ سے محمود خاں اچکزئی کی کیا گفتگو ہوئی؟ جین میرٹ انہیں ہی کیوں ملنے آئیں؟ یہ ایسے سوال ہیں جن کا جواب قوم کو ملنا چاہیے - محمود خاں اچکزئی عام سیاستدان نہیں، اپوزیشن لیڈر کی بھی حیثیت رکھتے ہیں اس لیے ان کی ذمہ داریاں اور بھی بڑھ گئی ہیں - غیرملکی سفیر سے ہونے والی ملاقات کے حوالے سے جو ابہام پیدا ہو چکا ہے -اس تناظر میں جو سوال اٹھائے جارہے ہیں وہ بڑے معنی خیز ہیں -مناسب ہوگا آنے والے دنوں میں اچکزئی صاحب پریس کانفرنس کا انعقاد کر کے ٹی وی اسکرین پر آئیں، وہ سب کچھ کھول کر رکھ دیں جواب تک پوشیدہ اور صیغہ راز میں ہے-

اپوزیشن لیڈر کی حیثیت سے ان کی جو ذمہ داریاں ہیں ان کو نبھانا اور بھی ضروری ہو گیا ہے- جین میرٹ کے ساتھ جو گفتگو ہوئی اس کا ہر ایک لفظ، ایک ایک جملہ کسی تصحیح یا ترمیم کے بغیر من وعن قوم کے سامنے آنا چاہیے تاکہ صورت حال واضح ہو اور سارے ابہام دور ہو جائیں-

میزائل حملوں کے سائے میں پہلی عیدالفطر

اس مرتبہ بھی یہ فیصلہ کرنا کہ مسلم ممالک میں عیدالفطر آج ہے یا کل ہوگی انتہائی دشوار ہے کہ تمام تر معاملہ moon to Subject ہے۔ سعودی عرب کے آغاز رمضان کے اعلان کے مطابق برطانوی مسلمانوں کی زیادہ تر تعداد نے پہلا روزہ 18فروری2026 کو رکھا جبکہ پاکستان میں پہلا روزہ جمعرات 19فروری کو رکھا گیا۔ ایسی ہی صورتحال امریکہ اور بعض یورپی ممالک میں رہی۔ چنانچہ اس صورتحال کے پیش نظر ایک عید دو مختلف دنوں میں منانے کے عمل کو خارج از امکان قرار نہیں دیا جاسکتا جبکہ دوسری جانب خطہ جنگ کی لپیٹ میں آچکا ہے اس مرتبہ اسے بھی ایک دلچسپ اتفاق کہہ لیں کہ مشرق وسطیٰ کی تازہ ترین جنگی صورتحال اور امریکہ اسرائیل کے ایران پر مشترکہ کئے حملوں کی بنا پر نماز عیدالفطر ان شا اللہ عرب امارات میں ہی ادا کروں گا تاہم گلف ممالک کی تازہ ترین جنگی صورتحال پر جہاں تک ممکن ہو سکا آپ کو باخبر رکھنے کی بھرپور کوشش جاری رہے گی۔ یہاں یہ وضاحت بھی ضروری ہے کہ عرب امارات میں صحافتی رولز پر زیرو ٹالرنس ہے سرکاری انفارمیشن ایڈوائس کے بغیر آپ کے لیئے کسی بھی قسم کی خبر تصویر ریکارڈنگ اور تجزیہ پیش کرنے سے قبل انفارمیشن ایکٹ کا ہر حال میں احترام لازم ہے۔ محض سینئر صحافی یا بطور برطانوی صحافی تعارف کروانا کافی نہیں برطانوی جرنلزم میں تجربہ ادارے سے وابستگی اور حاصل شدہ آمدنی سمیت آپ کے قیام اور رپورٹنگ سٹیٹس کے بارے میں یہاں جدید اطلاعات کا نظام چونکہ موجود ہے اس لئے غیرپیشہ ور صحافیوں کیلئے بھی احتیاط لازم ہے۔

19روز سے جاری یہ جنگ اب کیا صورت اختیار کرنے جارہی ہے تجزیہ کرنا قطعی آسان نہیں کہ ہر لمحہ صورت حال تبدیل ہو رہی ہے تاہم اس بارے میں دو امریکی موقر اخبارات کی حال ہی میں شائع ہونے والی رپورٹس کا جائزہ کچھ یوں ہے۔ واشنگٹن پوسٹ کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ امریکہ ایران جنگ میں اب تک 6ارب ڈالر مالیت سے زیادہ کے ہتھیار اور گولہ بارود استعمال کر چکا ہے جبکہ نیویارک ٹائمز کے مطابق ایران عرب ممالک کے اہداف پر اب تک دو ہزار ڈرونز اور پانچ سو سے زائد میزائل داغ چکا ہے۔

اب کچھ معروضات فلسفہ عیدالفطر کے حوالے سے۔

گزشتہ کئی برسوں سے یہ رونا رو رہا ہوں کہ میرے غیرمسلم گورے دوست مجھ سے جب یہ سوال

طاہر جمیل نورانی

پوچھتے ہیں کہ چاند ایک اور آپکے عیدالفطر منانے کے دن مختلف یہ آخر کیا ہے؟ تو میں اکثر و بیشتر جواب اس لئے بھی نہیں دے پاتا کہ مجھے اپنے معزز علما کرام مولویوں اور پیران عظام کے مابین پائی جانے والی مذہبی دھڑے بندیوں کو کھلے عام تشہیر کرنا مناسب نہیں لگتا کہ اسے میں اپنا منہ ننگا کرنے کا معاملہ تصور کرتا ہوں۔ اپنے انتہائی محترم پیش اماموں عالموں اور ہر اللہ والے سے مودبانہ پھر یہ درخواست ہے کہ اپنے تمام تر مذہبی دھڑوں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے امت مسلمہ میں اتحاد ویکجہتی اور یگانگت کیلئے ایسا لائحہ عمل تیار کریں جس سے چاند اور عید کا برسوں سے جاری یہ معاملہ طے ہو سکے تاکہ غیرمسلموں کیلئے ہم ایک مثال بن سکیں۔ اسلام کے بارے میں دنیا کے عظیم فلاسفر مفکر تاریخ دان اور مذہبی دانشوروں کا یہ نظریہ ہے۔ برناڈ شا کے بارے میں آپ کو آگاہ کرنا ضروری تصور کرتا ہوں۔

آئرلینڈ کے مشہور مفکر اور فلاسفر جارج برناڈ شاہ گو مسلمان نہیں تھے مگر اسلامی روایات سے وہ بے حد متاثر تھے۔ حضور اکرم محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے اعلیٰ کردار اور انکی قیادت کی بھی انہوں نے تعریف کی ہے۔ برناڈ شا نے اقرار کیا کہ اسلام ایک ایسا مذہب ہے جو ہر دور میں قابل عمل ہے۔ وہ سمجھتے تھے کہ اسلام میں سادگی اور عمل واصول موجود ہیں جن سے جدید دنیا کے مسائل کا حل نکالا جاسکتا ہے۔ اسی طرح ان سے ایک اور مشہور قول منسوب ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم جیسے شخص کو دنیا کی آج حکمرانی مل جائے تو وہ دنیا کے مسائل حل کر سکتے ہیں۔ اسلام کو برناڈ شا ایک منطقی عملی اور انصاف پر مبنی مذہب تصور کرتے تھے مگر افسوس ! ہم آج اپنے ہی اسلاف چھوڑ رہے ہیں۔ دکھ اس بات کا ہے کہ اتحاد و یکجہتی کے فقدان نے ہماری دینی قوت کو اس حد تک منتشر کر دیا ہے کہ غیرمسلم بھی ہماری اس کمزوری کا اب بھرپور فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ ہم بظاہر مسلمان ہیں مسلمان گھرانوں میں پیدا ہوئے اسلام کے بنیادی اصولوں پر اپنی زندگیاں گزارنے کے داعی اور امت مسلمہ کیلئے مشعل راہ بننا چاہتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی غلامی کے دعویدار بھی ہیں مگر افسوس ! جو کہتے ہیں وہ کرتے نہیں۔ گفتار کے غازی تو بن گئے مگر عمل میں تا ہنوز شکست خوردہ ہیں۔ معروف روسی مصنف Leo Tolstoy Leo نے شاید اسی لئے کہا تھا کہ مجھے اپنے دین کی تبلیغ مت کرواپنے مذہب کے بارے میں مجھے اگر کچھ بتانا ہے تو اپنے اعمال میں مجھے اپنا مذہب دکھاؤ۔

اس امر سے انکار ممکن نہیں کہ دین اسلام کے بارے میں جب بھی کوئی غیرمسلم سوال کرتا ہے تو اس کا مرکزی نقطہ ہماری مذہبی دھڑے بندیاں ہوتی ہیں۔ وقتاً فوقتاً میں بھی اپنے بعض غیرمسلم گورے دوستوں کی مذہبی محفلوں میں فروغ اسلام اور کردار و افعال کے حوالے سے ہونے والی گفتگو انہی سطور میں آپ سے اس لئے شیئر کرتا ہوں تاکہ ہم اپنی کمزوریوں کا ازالہ کر سکیں۔ یہ دوست اب بھی اس بات پر بضد ہیں کہ دنیا کا غیرمعمولی برطانوی آبزرویٹری نظام جب یہاں موجود ہے چاند کی مطلع پر پیدائش اور ننگی آنکھ سے چاند دیکھنے کی جب تمام تر سہولتیں دستیاب ہیں تو پھر کیا وجہ ہے کہ برطانوی مسلمان ایک ہی دن رمضان کا آغاز نہیں کرتے؟ اب آپ ہی مجھے بتائیں کہ اس سوال کا کسی غیرمسلم کو جواب دینے کیلئے میں آخر کونسی Mathodology استعمال کروں؟۔

علاقائی اور جیوپولیٹکس: پاکستان کیلئے چیلنجز اور مواقع

دنیا ایک ایسے مرحلے میں داخل ہو چکی ہے جہاں علاقائی جنگیں عالمی نظام کو نئی شکل دے رہی ہیں۔ مشرق وسطیٰ میں ایران کے خلاف امریکہ اور اسرائیل جنگ عالمی جیوپولیٹکس کو ایک نئے دور کی طرف دھکیل رہی ہے۔ دوسری طرف جنوبی ایشیا میں پاکستان دہشت گردی کے خلاف ایک مشکل محاذ پر مصروف ہے کیونکہ افغانستان کی سرزمین سے سرگرم دہشت گرد عناصر پاکستان کے امن واستحکام کو مسلسل چیلنج کر رہے ہیں جس کی وجہ سے پاکستان کو افغانستان میں آپریشن پر مجبور ہونا پڑا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر مبارکباد کے مستحق ہیں کہ افغانستان میں سویلینز کو نقصان پہنچائے بغیر دہشت گردوں کے ٹھکانے اور گولہ بارود تباہ کیا جارہا ہے۔

یہ دونوں بحران بظاہر الگ نظر آتے ہیں مگر درحقیقت یہ ایک بڑے عالمی اسٹریٹجک منظرنامے کا حصہ ہیں۔ دنیا بتدریج ایک ایسے ملٹی پولر عالمی نظام کی طرف بڑھ رہی ہے جہاں طاقت صرف ایک مرکز میں نہیں بلکہ مختلف علاقائی طاقتوں کے درمیان تقسیم ہورہی ہے۔ اس تبدیلی کے اثرات عالمی معیشت، توانائی کی منڈی، بین الاقوامی تجارت اور کاروباری ماحول پر واضح طور پر نظر آنا شروع ہو چکے ہیں۔

پاکستان اس بدلتی ہوئی عالمی صورتحال کے درمیان ایک نہایت اہم جغرافیائی مقام پر واقع ہے۔ مشرق وسطیٰ، وسطی ایشیا اور جنوبی ایشیا کے سنگم پر واقع ہونے کی وجہ سے پاکستان نہ صرف جغرافیائی بلکہ اسٹریٹجک لحاظ سے بھی اہمیت رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ خطے میں ہونے والی ہر بڑی تبدیلی پاکستان کی معیشت، سکیورٹی اور کاروباری ماحول کو متاثر کرتی ہے۔ یہی کچھ ایران، امریکہ اسرائیل جنگ میں دیکھنے میں آرہا ہے۔

مشرق وسطیٰ میں جاری جنگ صرف ایران، امریکہ اور اسرائیل کے درمیان تنازع نہیں بلکہ عالمی طاقتوں کے درمیان اثر ورسوخ اور وسائل پر قبضے کی ایک بڑی کشمکش کا حصہ ہے۔ امریکہ اور اس کے اتحادی خطے میں اپنی اسٹریٹجک برتری برقرار رکھنا چاہتے ہیں جبکہ ایران خود کو ایک مضبوط علاقائی طاقت کے طور پر منوانا چاہتا ہے۔ اسرائیل ہمیشہ سے ہی اسلامی ممالک کو اپنے لیے خطرہ سمجھتا اور ان کی عسکری اور اقتصادی صلاحیتوں کو محدود کرنے کی کوشش کرتا رہا ہے۔ الحمدللہ، پاکستان کے سلسلے میں اس کی کوئی ناپاک کوشش کامیاب نہیں ہوسکی اور ہم ایٹمی طاقت بن کر سربلند کھڑے ہیں۔

روس اور چین عالمی سیاست میں بڑھتے

فہیم الرحمٰن سہگل

ہوئے کردار کے ذریعے امریکی اثر و رسوخ کو متوازن کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ چین کی معاشی طاقت اور روس کی عسکری طاقت نے عالمی طاقتوں کے درمیان توازن کو تبدیل کرنا شروع کردیا ہے۔ ایران، روس اور چین کے درمیان بڑھتا ہوا تعاون ایک نئے جیوپولیٹیکل بلاک کی نشاندہی کرتا ہے جبکہ امریکہ، اسرائیل اور بعض خلیجی ممالک کے درمیان اسٹریٹجک اتحاد بھی مضبوط ہورہا ہے۔ اس طرح دنیا ایک ایسے عالمی نظام کی طرف بڑھ رہی ہے جہاں مختلف طاقتیں اپنے اپنے مفادات کے مطابق اتحاد بنارہی ہیں۔

خلیج فارس میں واقع سٹریٹ آف ہرمز توانائی کے حوالے سے دنیا کی اہم ترین گزرگاہوں میں شمار ہوتی ہے۔ عالمی سطح پر تیل کی ایک بڑی مقدار اسی راستے سے گزرتی ہے۔ جوں جوں جنگ کے نتیجے میں اس راستے پر خطرات بڑھ رہے ہیں توں توں اس کے اثرات عالمی توانائی کی منڈی پر ظاہر ہورہے ہیں۔ تیل کی قیمتوں، شپنگ کے اخراجات میں اضافے اور توانائی کی سپلائی میں غیریقینی صورتحال نے عالمی معیشت کو متاثر کرنا شروع کردیا ہے۔ پاکستان جیسے ممالک کے لیے یہ صورتحال خاص طور پر اہم ہے کیونکہ وہ اپنی توانائی کی ضروریات کے لیے درآمدی تیل پر انحصار کرتا ہے۔

اہم خطوں میں جنگیں، جیسا کہ اس وقت ایران، امریکہ اسرائیل کی جنگ جاری ہے، عالمی سپلائی چین کو بھی متاثر کرتی ہیں۔ جب بحری راستوں پر خطرات بڑھتے ہیں تو شپنگ کمپنیوں کے اخراجات اور انشورنس پریمیم بڑھ جاتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں عالمی تجارت مہنگی ہو جاتی ہے، سامان کی ترسیل میں تاخیر ہوتی ہے اور سپلائی چین میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے۔ یہ اثرات عالمی معیشت کے ساتھ ساتھ پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک کی معیشت پر بھی پڑتے ہیں۔

ایران۔ امریکہ جنگ اور خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی نے پاکستان کی معیشت، کاروباری برادری اور عوام کے لیے بہت سے چیلنجز پیدا کردیئے ہیں جو فوری اقدامات کے متقاضی ہیں۔ پاکستان اپنی توانائی کی ضروریات کے لیے بڑی حد تک درآمدی تیل اور گیس پر انحصار کرتا ہے۔ عالمی توانائی کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے پاکستان کا درآمدی بل بڑھ جائے گا۔ حکومت نے فوری طور پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 55روپے تک کا ہوشربا اضافہ کردیا ہے اور وہ بھی اس سٹاک پر جو پہلے ہی ملک میں موجود تھا جبکہ بجلی کی قیمتوں میں اضافے کی تلوار سر پر لٹک رہی ہے۔ گیس پہلے ہی نادارد ہوچکی ہے جو صورتحال کو مزید سنگین بنارہی ہے۔

بجلی، پٹرول اور گیس کی قلت اور قیمتوں میں بھاری اضافہ معیشت کے تمام شعبوں کو متاثر کرتا ہے۔ صنعت، تجارت، ٹرانسپورٹ اور زراعت سب ہی متاثر ہوتے ہیں جس کے نتیجے میں مہنگائی میں بھاری اضافہ ہوتا ہے۔ تیل کی قیمتوں میں اضافہ پاکستان کے تجارتی خسارے کو مزید بڑھائے گا جس سے زرمبادلہ کے ذخائر پر دباؤ پڑے گا۔

خطے کی صورتحال کا سب سے زیادہ اثر پاکستان کی کاروباری برادری اور انڈسٹری پر پڑنا شروع ہوچکا ہے۔ توانائی پہلے ہی بہت مہنگی ہے اور مزید مہنگی ہونے سے انڈسٹری کی پیداواری لاگت مزید بڑھ جائے گی جس کی وجہ سے ٹیکسٹائل، لیدر، سٹیل، سیمنٹ اور کیمیکل انڈسٹریز سمیت تمام شعبہ ہائے زندگی متاثر ہونگے۔ پاکستان کی کئی صنعتیں درآمدی خام مال پر انحصار کرتی ہیں۔ عالمی سپلائی چین متاثر ہونے کی وجہ سے خام مال مہنگا ہورہا ہے۔

سندھ بھر سے

محکمہ اطلاعات شہید بینظیر آباد اور حیدرآباد ڈویژن میں دوہری پالیسی

حیدرآباد ڈویژنل کمیٹی عدالتی احکامات پر عمل پیرا، شہید بینظیر آباد ڈویژن میں عدالتی احکامات نظرانداز

بینظیر آباد ڈویژن موسیٰ گوندل نے عدالتی حکم کو ہوا میں اڑادیا اور کارڈ جاری نہیں کیا، دائر آئینی درخواست

محراب پور (پاکستان بلیٹن) محکمہ اطلاعات شہید بینظیر آباد اور حیدرآباد ڈویژن میں دوہری پالیسی، حیدرآباد ڈویژنل کمیٹی عدالتی احکامات پر عمل پیرا، شہید بینظیر آباد ڈویژن میں عدالتی احکامات نظر انداز، محکمہ اطلاعات سندھ ہر سال ضلعی سطح پر مستند، موقر اخبارات، نیوز چینل، نیوز ایجنسی سے تعلق رکھنے والے صحافیوں کو ایکریڈیشن کارڈ کا اجراء کرتا ہے، 2024 سے نوشہرو فیروز میں ڈپٹی ڈائریکٹر اور ڈائریکٹر شہید بینظیر آباد ڈویژن کی پسند من پسند پالیسی کے باعث حقیقی صحافیوں کی بجائے غیر مستند، عطائی صحافیوں کو ایکریڈیشن کارڈ کا اجراء ہوا جس کی محکمہ جاتی شکایات پر عمل درآمد نہ ہونے پر سندھ ہائی کورٹ سکھر بینچ نے سینئر صحافی سلیم مغل کی 2024 میں دائر آئینی درخواست 1147 پر ایک ماہ میں ایکریڈیشن کارڈ جاری کرنے کا حکم دیا لیکن ڈائریکٹر شہید بینظیر آباد ڈویژن موسیٰ گوندل نے عدالتی حکم کو ہوا میں اڑا دیا اور کارڈ جاری نہیں کیا جس پر توہین عدالت کی درخواست دائر کی جارہی ہے، ذرائع کے مطابق محکمہ اطلاعات سندھ تمام ڈویژنل افسران کو سلیم صحافی کی آئینی درخواست اور سندھ ہائی کورٹ حیدرآباد میں صحافیوں کی 2024 کی آئینی درخواست 803 کی روشنی میں تنخواہ لینے والے مستند صحافیوں کو تنخواہ کی سلپ، ادارے کے اتھارٹی، کورنگ لیٹر اور تصدیق پر ایکریڈیشن کارڈ جاری کرنیکی ہدایات ہے جس پر محکمہ اطلاعات ڈویژنل آفس تو عمل کر رہا ہے جسکا ثبوت 18 مارچ کو کمیٹی اجلاس میں کیئے گئے فیصلے اور شائع خبریں ہیں لیکن شہید بینظیر آباد ڈویژن میں ڈائریکٹر موسیٰ گوندل کی من مانیاں جاری ہیں، بغیر کمیٹی، یکطرفہ تصدیق پر بغیر انکوائری، بغیر تنخواہ سلپ، ادارے کے اتھارٹی، کورنگ لیٹر کارڈ جاری کرنے کی اطلاعات ہیں۔

محراب پور: محکمہ اطلاعات نوشہرو فیروز میں حقیقی صحافیوں کو نظرانداز کرنے پر صحافی احتجاج کررہے ہیں

نوجوان نے روہڑی کینال میں چھلانگ لگا کر زندگی کا چراغ گل کرلیا

محراب پور (پاکستان بلیٹن) مبینہ خودکشی کا واقعہ، دلبرداشتہ نوجوان نے روہڑی کینال میں چھلانگ لگا کر زندگی کا چراغ گل کر لیا، واقعہ نوشہرو فیروز پولیس تھانہ کی حدود میں گاؤں گجو میں پیش آیا جہاں پر بیروزگاری، گھریلو مسائل سے پریشان نوجوان نے شوکت انصاری نے روہڑی کینال میں چھلانگ لگا کر مبینہ طور پر خودکشی کرلی ہے، ورثاء کے مطابق نوجوان کا رومال روہڑی کینال کنارے ملا ہے پولیس کے مطابق وہ نعش کی تلاش اور واقعے کی تحقیقات کررہی ہے۔

حیدرآباد کے رہائشیوں کا لینڈ مافیا کے خلاف حیدرآباد پریس کلب پر احتجاج

حیدرآباد (پاکستان بلیٹن) حیدرآباد کے رہائشیوں نے زمینوں پر قبضہ کرنے والوں کی جارحانہ حکمت عملی کے خلاف موقف اپناتے ہوئے جمعرات کو حیدرآباد پریس کلب پر زوردار احتجاج کیا۔ اس مظاہرے نے ان مقامی لوگوں کی شکایات کو اجاگر کیا جنہیں ان کی زمینوں پر غیرقانونی قبضے کا سامنا ہے اور فوری مداخلت کی ضرورت پر زور دیا۔ شرکا نے بغیر روک ٹوک استحصال پر اپنی مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے حکام سے فوری کارروائی کا مطالبہ کیا تاکہ ان کے حقوق اور جائیدادوں کا تحفظ کیا جاسکے۔ اس واقعے نے زمینوں پر قبضے کے بڑھتے ہوئے مسئلے کے حوالے سے شہریوں کے درمیان بڑھتی ہوئی تشویش کو اجاگر کیا۔

حیدرآباد: زمینوں پر قبضے کے خلاف رہائشی خواتین پریس کلب پر احتجاج کررہی ہیں

حیدرآباد میں مسلسل بارشوں نے روزمرہ کے سفر کو افراتفری میں ڈال دیا

حیدرآباد (پاکستان بلیٹن) جمعرات کو حیدرآباد میں مسلسل بارشوں نے روزمرہ کے سفر کو افراتفری میں ڈال دیا کیونکہ رہائشی پانی سے بھرے راستوں پر چلنے کے لیے جدوجہد کررہے تھے۔ یہ بے موسم بارش، جو صبح سویرے شروع ہوئی، نے بہت سے لوگوں کو حیران کردیا، جس کے نتیجے میں شہر بھر میں ٹریفک جام اور تاخیر کا سامنا کرنا پڑا۔ چھتریوں اور برساتی کوٹوں سے لیس مسافر خود کو بڑے راستوں پر جمع شدہ پانی میں سے گزرتے ہوئے پائے۔

شہری بینکوں کے چکر کاٹنے کے باوجود فریش کرنسی نوٹ سے محروم

محراب پور (پاکستان بلیٹن) محراب پور کے شہری بینکوں کے چکر کاٹنے کے باوجود فریش کرنسی نوٹ سے محروم، محراب پور کے منیجر نے اکاؤنٹ ہولڈر کے فون اٹھانا بند کردیے، احتجاج، اسٹیٹ بنک آف پاکستان کی جانب سے عیدالفطر کے موقع پر محراب پور کے بنکوں کو نئی کرنسی بھیجی ہے جو بینک منیجر نے آدھی منظور نظر اور بڑے اکاؤنٹ ہولڈراور آدھی ہار بنانے والے کو بیچ کر چھوٹے اکاؤنٹ ہولڈر اور عام شہری نئی کرنسی سے محروم کردیا محراب پور پریس کلب پر شہریوں، سماجی رہنماؤں نے احتجاج کیا، ارشد قادری، محمد عظیم، محمد وسیم اور نعمان علی نے بتایا کہ اسٹیٹ بنک آف پاکستان نے عیدالفطر کے موقع پر نئی کرنسی عام عوام کیلئے بنکوں میں بھیج دی تھی جو ذکر کردہ بنک منیجر کی نااہلی سے بڑے اکاؤنٹ ہولڈر اور ہار بنانے والوں کو پہنچا دی ہے اور عام عوام کو بنکوں کے چکر کاٹ رہی ہے، اسٹیٹ بنک آف پاکستان محراب پور کی کمرشل بنک کی نئی کرنسی میں بے قاعدگی کا نوٹس لیکر تحقیقات کرائے۔

الخدمت اور حلال فوڈز کے باہمی تعاون سے آسان افطار کا اہتمام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) الخدمت فاؤنڈیشن سندھ نے حلال فوڈز کے تعاون سے حیدرآباد سمیت مختلف شہروں میں آسان افطار کا اہتمام کیا۔ اس مشترکہ فلاحی اقدام کا مقصد رمضان المبارک کی برکات کو عام کرنا اور ان مستحقین، مزدوروں اور مسافروں تک معیاری افطار پہنچانا ہے جو وسائل کی کمی کے باعث مشکلات کا شکار ہوتے ہیں۔ آسان افطار مہم کے تحت مختلف مقامات پر منظم طریقے سے دسترخوان سجائے گئے اور مسافروں کے لئے افطاری کا اہتمام کیا گیا۔ رمضان المبارک محض ایک مہینہ نہیں بلکہ ایثار، ہمدردی اور ایک دوسرے کا سہارا بننے کا درس ہے۔ رمضان کی حقیقی خوشی دوسروں کو اپنی خوشیوں میں شریک کرنے میں ہے۔ حلال فوڈز کا تعاون ہمارے عزم کو تقویت دیتا ہے، یہ مشترکہ کوشش اسی انسانی ہمدردی کی ایک کڑی ہے جو الخدمت کا خاصہ ہے۔ حلال فوڈز کے نمائندوں نے بھی اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ معاشرے کے محروم طبقات کی فلاح و بہبود کے لیے الخدمت فاؤنڈیشن کے ساتھ اپنا تعاون جاری رکھیں گے۔

خاکروب کا احتجاج، ایس ایس پی نوشہرو فیروز سے مدد مانگ لی

محراب پور (پاکستان بلیٹن) محکمہ بلدیہ محراب پور کے خاکروب کا احتجاج، ایس ایس پی نوشہرو فیروز سے مدد مانگ لی، پولیس کانسٹیبل پر بیوی اغوا کا الزام، محراب پور بلدیہ کے خاکروب امیر بخش اور شیخ برادری کے درجنوں مرد و خواتین نے قرآن پاک اٹھا کر احتجاج کرتے ہوئے میڈیا نمائندوں کو بتایا کہ انکی اہلیہ مسمات کوڑاں شیخ 15 مارچ کو بچے کے ہمراہ پراسرار طور پر لاپتہ ہوگئی، تحقیقات سے پتہ چلا کہ اہلیہ کوڑاں کو مبینہ طور پر پولیس اہلکار افتخار راجپر نے ورغلا کر اغواء کرلیا ہے، میں نے بیوی کی بازیابی کیلئے ایس ایس پی نوشہرو ڈاکٹر میر روحل کھوسو کو درخواست دی، ایس ایچ او محراب اشفاق شر بیوی کو بازیاب نہیں کرایا ہے میڈیا انکی آواز بلند کرے اگر بیوی کو واپس نہیں کرایا گیا تو انتہائی قدم اٹھانے پر مجبور ہوں گے۔

شہر قائد

میئر کراچی کا مواچھ گوٹھ میں دیوار گرنے کے واقعے پر افسوس کا اظہار

بارش کے باعث ہونے والے جانی ومالی نقصانات ناقابلِ تلافی ہیں، مرتضیٰ وہاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے مواچھ گوٹھ بلدیہ میں دیوار گرنے کے واقعے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ واقعہ انتہائی افسوسناک ہے اور بارش کے باعث ہونے والے جانی ومالی نقصانات ناقابل تلافی ہیں، انہوں نے زخمیوں کو فوری طور پر اسپتال میں بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی، میئر کراچی نے جاں بحق افراد کی مغفرت اور لواحقین کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی، انہوں نے کہا کہ درخت گرنے اور دیگر شکایات پر محکمہ انسداد تجاوزات، میونسپل سروسز، سٹی وارڈنز اور اربن ریسکیو کی ٹیمیں شہر بھر میں متحرک ہیں، پانی کی نکاسی اور ٹریفک کی بحالی ممکن بنائی جارہی ہے، میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے گزشتہ شب شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا جس میں شارع فیصل، شاہراہ قائدین، نرسری، مائی کولاچی روڈ، بوٹ بیسن، دوتلوار اور آئی آئی چندریگر روڈ شامل ہیں، اس موقع پر انہوں نے نرسری کے مقام پر پانی کی نکاسی کے کام کا معائنہ کیا اور ہدایت دی کہ پانی کو جلد از جلد صاف کیا جائے۔ ان کے ہمراہ میونسپل کمشنر ابرار احمد جعفر، ایم ڈی واٹر کارپوریشن احمد علی صدیقی ،ٹاؤن چیئرمین چنیسر فرحان غنی اور دیگر افسران بھی موجود تھے، میئر کراچی نے کہا کہ مزید بارش کے امکان کے پیش نظر شہر میں رین ایمرجنسی نافذ کردی گئی ہے اور تمام ادارے الرٹ ہیں، انہوں نے محکمہ پارکس کو گرے ہوئے درخت فوری ہٹانے اور ٹریفک کی روانی بحال رکھنے کی ہدایت دی جبکہ واٹر کارپوریشن کا عملہ بھی نکاسی آب کے عمل میں شریک ہے، انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ بجلی کے کھمبوں اور آلات سے دور رہیں، غیرضروری طور پر گھروں سے باہر نہ نکلیں اور احتیاطی تدابیر اختیار کریں، انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی سیل فعال ہے اور کسی بھی شکایت کے لیے ہیلپ لائن سے رابطہ کریں، تمام عملہ اور مشینری مختلف علاقوں میں تعینات ہے۔

شہر میں نماز عید کا سب سے بڑا اجتماع گلشن جناح میں منعقد ہوگا

گورنر سندھ نہال ہاشمی، میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب، اسلامی ملکوں کے سفارتکار نماز ادا کرینگے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بلدیہ عظمیٰ کراچی کے زیرانتظام شہر میں نماز عید کا سب سے بڑا اجتماع گلشن جناح (پولوگراؤنڈ) میں منعقد ہوگا، جہاں نماز عید صبح آٹھ بجے ادا کی جائے گی، مولانا محمد احمد سلیمی امامت کے فرائض انجام دیں گے، ترجمان بلدیہ عظمیٰ کراچی دانیال سیال کے مطابق یہ قدیمی اور روایتی اجتماع 1958 سے پولوگراؤنڈ میں منعقد کیا جارہا ہے اس سال پولوگراؤنڈ میں نماز عید کے لئے بھرپور انتظامات کئے گئے ہیں، گورنر سندھ نہال ہاشمی، میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب، ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد، میونسپل کمشنر ابرار احمد جعفر، اسلامی ملکوں کے سفارتکار، سابق اور موجودہ وفاقی وصوبائی وزراء، ممبران قومی وصوبائی اسمبلی، بلدیاتی اداروں کے سربراہان، سٹی کونسل ممبران، مختلف سیاسی و سماجی تنظیموں کے سربراہان اور معززین شہر کی ایک بڑی تعداد پولوگراؤنڈ میں نماز عید ادا کرے گی، میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کی ہدایت کے مطابق پولوگراؤنڈ آنے والے شہریوں کے لئے وضو کا بھی خصوصی اہتمام کیا گیا ہے جبکہ سیکورٹی کے حوالے سے بھی سخت انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں۔

اسلام میں افراط وتفریط، انتہاپسندی اور تشدد کی کوئی جگہ نہیں ہے، مفتی فیض قادری

کراچی (پ۔ر) جماعت غوثیہ اہلسنت انٹرنیشنل کے چیئرمین مفتی ابوالحسن محمد فیض احمد قادری نے کہا ہے کہ اسلام کا فکری واعتقادی مضمون اصل دین کے بنیادی اصولوں پر مبنی ہے، جس میں اعتدال، محبت، امن، رواداری، عدل اور انسانیت کی خدمت کا پیغام شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج امت مسلمہ کو فکری انتشار، نظریاتی اختلافات، سماجی بے انصافی اور انتہاپسندی کے چیلنجز درپیش ہیں۔

نوجوان نسل کو انتہاپسندی، نفرت انگیزی اور فکری انتشار سے بچایا جائے، صوفی ارشد کاظمی

کراچی (پ۔ر) تحریک اہلسنت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا ہے کہ امت مسلمہ آج فکری انتشار، نظریاتی اختلافات اور سماجی بے یقینی کے چیلنجز کا سامنا کر رہی ہے اور ایسے حالات میں اہل سنت کے معتدل، صوفیانہ اور اعتدال پسند نظریات ہی امت مسلمہ کے اتحاد، امن اور اخلاقی استحکام کی بنیاد ہیں۔

میئر کراچی مرتضیٰ وہاب بارش کے بعد مختلف علاقوں کا دورہ کررہے ہیں

پاک افغان عارضی جنگ بندی خوش آئند ہے، صاحبزادہ ابوالخیر

خطے میں امن واستحکام کیلئے مذاکرات ناگزیر ہیں، سربراہ جمعیت علمائے پاکستان

کراچی (پ۔ر) جمعیت علماء پاکستان اور ملی یکجہتی کونسل پاکستان کے سربراہ ڈاکٹر صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان حالیہ عارضی جنگ بندی کا خیرمقدم کرتے ہوئے اسے خطے میں امن کی جانب ایک مثبت پیش رفت قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں برادر اور ہمسایہ اسلامی ممالک کو مستقل امن، استحکام اور ترقی کے حصول کیلئے باہمی مذاکرات اور سنجیدہ سفارتی کوششوں کو فروغ دینا چاہیے۔ کیوں کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان مضبوط تعلقات نہ صرف دونوں ممالک بلکہ پورے خطے کے امن کیلئے ناگزیر ہیں۔ دونوں حکومتوں کو چاہیے کہ وہ دہشت گردی کے خاتمے، سرحدی مسائل کے حل اور باہمی اعتماد کے فروغ کیلئے مشترکہ حکمت عملی اپنائیں۔ انہوں نے کہا کہ عالم اسلام اس وقت ایک نازک دور سے گزر رہا ہے، جہاں مختلف عالمی طاقتیں مسلمانوں کو آپس میں لڑانے کی سازشوں میں مصروف ہیں۔ امریکہ، اسرائیل اور بھارت کی جانب سے خطے میں عدم استحکام پیدا کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں، جن کا مقصد مسلم ممالک کو کمزور کرنا ہے۔ انہوں نے مشرق وسطیٰ کی موجودہ صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غزہ اور لبنان میں اسرائیلی جارحیت تاحال جاری ہے، جس کے باعث انسانی بحران شدت اختیار کر چکا ہے۔ عالمی برادری ان مظالم کا نوٹس لے اور فوری جنگ بندی کو یقینی بنائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایران کے خلاف بڑھتی ہوئی کشیدگی دراصل امت مسلمہ کے وسائل پر قبضہ کرنے کی ایک سازش ہے، جسے بروقت حکمت اور اتحاد کے ذریعے ناکام بنانا ضروری ہے۔ مسلم حکمرانوں کو چاہیے کہ وہ بصیرت، تدبر اور اتحاد کا مظاہرہ کرتے ہوئے مشترکہ لائحہ عمل اختیار کریں۔ انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے باہمی اتحاد، سیاسی بصیرت اور اجتماعی حکمت عملی ناگزیر ہے، تاکہ عالم اسلام کو درپیش خطرات کا مؤثر انداز میں مقابلہ کیا جا سکے۔

میئر کراچی مرتضیٰ وہاب بارش کے بعد مختلف علاقوں کا دورہ کررہے ہیں

بقیہ نمبر 01

ملازمین (شرائطِ ملازمت) (ترمیمی) بل 2026، زکوٰۃ و عشر (ترمیمی) بل 2026، نیشنل آرکائیوز (ترمیمی) بل 2026، پاکستان نام و علامات (روک تھام و غیر مجاز استعمال) (ترمیمی) بل 2026، ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان کارپوریشن (ترمیمی) بل 2026، نیا پاکستان ہاؤسنگ اینڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ترمیمی) بل 2026، پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (ترمیمی) بل 2026 اور دانش یونیورسٹی اسلام آباد بل 2026 شامل ہیں۔ صدر مملکت نے بلوچستان کے کوٹہ کے تحت اعزاز اسلم ڈار کی بطور رکن فیڈرل پبلک سروس کمیشن (ایف پی ایس سی) تقرری کی بھی منظوری دے دی ہے۔ صدر مملکت نے پروفیسر سرور محمد خواجہ، راشد ملک اور زین العابدین احسن کو ان کی خدمات کے اعتراف میں ستارہ امتیاز دینے کی منظوری بھی دی ہے۔ صدر مملکت نے عیدالفطر اور یوم پاکستان 2026 کے موقع پر سزاؤں میں خصوصی کمی کی بھی منظوری دی ہے۔

بقیہ نمبر 02

462روپے فی تولہ ہوگئی۔ فی تولہ قیمت کے ساتھ ساتھ مقامی مارکیٹ میں فی 10 گرام سونے کی قیمت میں بھی 20ہزار 833روپے کی کمی واقع ہونے سے نئی قیمت گھٹ کر 4لاکھ 28ہزار 208روپے کی سطح پر آ گئی۔ سونے کی قیمتوں میں کمی کے ساتھ ساتھ مارکیٹ میں چاندی بھی سستی ہوگئی اور فی تولہ چاندی 760روپے کم ہوکر 7ہزار 734روپے ہو گئی جبکہ فی 10 گرام چاندی کی قیمت 652روپے کی کمی کے ساتھ 6ہزار 630روپے کی سطح پر آ گئی ہے۔

بقیہ نمبر 03

فٹ گیس حاصل ہوگی۔ نئی دریافت سے یومیہ 64 بیرل خام تیل بھی حاصل ہوگا۔ تیل و گیس کی تلاش شس ون ویل سے ہوئی جس میں کنویں کی 3ہزار 75میٹر تک کھدائی کی گئی ہے۔ ماڑی انرجیز نے نئی تیل و گیس دریافت سے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو آگاہ کردیا ہے۔

بقیہ نمبر 04

خطرناک اور غیر ذمہ دارانہ قرار دے دیا۔ قطری وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ اسرائیل نے ایران کی ساؤتھ پارس فیلڈ کی توانائی تنصیبات کو نشانہ بنایا جو قطر کے نارتھ فیلڈ کی توسیع ہے۔ قطری وزارت خارجہ کے مطابق یہ حملہ عالمی توانائی کے تحفظ کے لیے خطرہ ہے۔

بقیہ نمبر 05

سمیت پوری امت مسلمہ غم کی کیفیت میں مبتلا ہے۔ طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ ایرانی سپریم لیڈر کی شہادت کے بعد ہمارے لئے ہر لمحہ غم کا ہے، اسحاق ڈار مختلف ممالک کے وزرا سے رابطے میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں امن کیلئے علما کے کردار پر مشکور ہوں، اکابرین کی کوششوں سے بین المذاہب ہم آہنگی قائم ہے۔ چیئرمین پاکستان علما کونسل نے مزید کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے اہل تشیع علما کرام سے ملاقات کی۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان نے پاکستان میں ہونے والے حملوں کی کبھی مذمت کی؟ پاکستان نے اپنا مقدمہ برادر اسلامی ممالک کے سامنے رکھا۔

بقیہ نمبر 06

سے اہل خانہ کی ملاقاتوں کے حوالے سے معاملہ پہلے بھی اٹھایا جاتا رہا ہے تاکہ قانونی تقاضوں اور انسانی ہمدردی کے اصولوں کی پاسداری یقینی بنائی جاسکے۔

بقیہ نمبر 07

ہلال کمیٹیوں، علما اور عوام نے آسمان کا بغور جائزہ لیا، تاہم کسی بھی مقام سے چاند نظر آنے کی مستند شہادت موصول نہیں ہوئی۔ ملک کی متعدد رویت ہلال کمیٹیوں نے شوال کا چاند نظر نہ آنے کا باضابطہ اعلان کیا ہے۔ حیدرآباد میں مرکزی رویت ہلال کمیٹی مجلس علمائے دکن نے اعلان کیا کہ شوال کا چاند نظر نہیں آیا۔ اس اعلان کے بعد یہ طے پایا کہ پورے بھارت میں عیدالفطر 21 مارچ بروز ہفتہ کو منائی جائے گی۔ چاند نظر نہ آنے کی تصدیق کے بعد اعلان کیا گیا ہے کہ ملک بھر میں اب عید 21 مارچ کو منائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 08

اور بیرونی چیلنجز کا مؤثر مقابلہ یقینی بنا سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 09

اور قتل کی کارروائیوں کی منصوبہ بندی کر رہے تھے۔ سکیورٹی اداروں نے جنوب مغربی ایران میں عراق کی سرحد کے قریب پانچ مسلح گروہوں کو بھی ختم کردیا ہے۔ اس سے قبل ایرانی حکام نے شمالی صوبہ البرز میں بھی 41افراد کو گرفتار کیا تھا، جن پر الزام تھا کہ وہ جنگ سے متعلق ویڈیوز مخالف یا دشمن میڈیا نیٹ ورکس کو فراہم کررہے تھے۔

بقیہ نمبر 10

ہیں۔ ماہرین صحت کا کہنا ہے کہ جب ریشے میں مسائل موجود ہوں تب بھی بہت سے لوگوں کو کندھے میں کوئی درد محسوس نہیں ہوتا، جس کی وجہ سے اس بات پر بحث جاری ہے کہ کیا امیجنگ میں نظر آنے والی تشوز کی خرابیاں واقعی درد کی اصل وجہ ہیں یا نہیں۔ ایک حالیہ تحقیق جو طبی جریدے جے اے ایم اے انٹرنل میڈیسن میں شائع ہوئی، اس میں صحت مند افراد میں کندھے کے جوڑ کو حرکت دینے والے پٹھوں کے ریشوں کی خرابیوں کا جائزہ لیا گیا۔ اس تحقیق میں فن لینڈ کے 40سال یا اس سے زیادہ عمر کے 602صحت مند افراد شامل تھے۔ کندھے کے درد کی موجودگی کا جائزہ لینے کے بعد تمام شرکا کے دونوں کندھوں کے جوڑوں کا ہائی ریزولوشن ایم آر آئی کیا گیا تاکہ کسی بھی خرابی کا پتہ چلایا جاسکے۔

بقیہ نمبر 11

منتقل کیا گیا جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی گئی۔ اطلاع موصول ہوتے ہی موٹروے پولیس کی افسران فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچے اور ریسکیو آپریشن کا آغاز کیا۔ موٹروے پولیس کے سینئر افسران بھی موقع پر موجود رہے اور امدادی کارروائیوں کی نگرانی کی۔ ریسکیو 1122، ضلعی پولیس اور دیگر امدادی اداروں نے بھی بروقت موقع پر پہنچ کر ریسکیو سرگرمیوں میں حصہ لیا۔ موٹروے پولیس کی جانب سے عوام سے اپیل کی جاتی ہے کہ بارش کے دوران محتاط ڈرائیونگ کریں، رفتار کم رکھیں اور گاڑیوں کے درمیان مناسب فاصلہ برقرار رکھیں تاکہ حادثات سے بچا جاسکے۔

بقیہ نمبر 12

جبکہ ٹرانس شپمنٹ کارگو کی کم از کم شرط 10 فیصد سے کم کرکے 7.5 فیصد کردی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 13

کے پرانے نام بحال کرنے کا اصولی فیصلہ کیا گیا، جبکہ یونیورسٹی کا درجہ پانے والے سرکاری کالجز کا پرانا نام بحال کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، سرکاری کالجز کے نام کے آگے سے یونیورسٹی کا لاحقہ ہٹا کر پرانا نام ہی لکھا جائے گا۔ دوران اجلاس ٹولنٹن مارکیٹ کے عقب میں کانونٹ گارڈن بنانے کا فیصلہ کیا گیا، ٹولنٹن مارکیٹ میں ایوری تھنگ آرگینک کیفے بنانے پر اتفاق ہوا، کانونٹ گارڈن میں سیمی کورڈ ایریا اور شاپس بھی بنائی جائیں گی، بائیک اور کاروں کے لئے دومنزلہ انڈرگراؤنڈ پارکنگ تعمیر ہوگی، اجلاس میں نیو میوزیم بلاک پراجیکٹ پر بھی بریفنگ دی گئی، نیو میوزیم بلاک میں ورلڈ کلاس گیلریز بنائی جائیں گی، قدیمی اسلحہ، سکے، چائنیز اور سکھ گیلری بنیں گی، نیو میوزیم بلاک میں انٹرایکٹیو سکرین بھی سیاحوں کی دلچسپی کا مرکز ہوں گی۔ شاہ عالم گیٹ تا رنگ محل چوک راستے کو پیدل گزرگاہ میں بدلنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، لاہور کی 8قدیمی اور تاریخی گزرگاہیں بحال کرنے کا فیصلہ بھی ہوا، بھاٹی، موری، موچی، شاہ عالم، یکی، مستی، دلی گیٹ ایریاز کی اندرونی شاہی گزرگاہیں تاریخی آب و تاب کے ساتھ بحال کی جائیں گی، قدیمی شہر میں مریم زمانی مسجد اور دیگر تاریخی عمارتوں کو بھی بحال کرنے پر اتفاق ہوا۔ اجلاس میں موچی گیٹ، اکبری گیٹ، یکی گیٹ اور مستی گیٹ کی بحالی کے پراجیکٹ پیش کئے گئے، شاہی قلعہ کی فصیل /دیوار کو قدیمی حالت میں بحال کرنے پر اتفاق ہوا، شاہی قلعہ کے گرد ٹیکسالی گیٹ تا بھاٹی گیٹ فصیل فیز ون میں بنے گی، یکی گیٹ تا مستی گیٹ شاہی قلعہ فصیل فیز ٹو بھی بنے گا، والڈ سٹی کے اردگرد بدرویں /صاف پانی کی نالی بحال کرنے کا جائزہ بھی لیا گیا۔ اس کے علاوہ تاریخی عمارتوں کی صفائی اور دیکھ بھال کیلئے ستھرا پنجاب کا سپیشل ونگ بنانے کی تجویز زیرغور آئی، پرانی عمارتوں کے بیرونی حصوں کے یکساں قدیمی ڈیزائن کی بحالی کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا، شاہ عالم چوک میں باغ کو بھی تجاوزات سے واگزار کر کے بحال کیا جائے گا۔ اجلاس میں نیلا گنبد سے ملحقہ ڈیوڑھی کو تاریخی تعمیراتی مطابقت کے ساتھ بحال کرنے کا فیصلہ کیا گیا، نیلا گنبد ڈیوڑھی میں سیاحوں کے لئے نیلا گنبد کیفے قائم کرنے پر اتفاق ہوا، نیلا گنبد میں انڈر گراؤنڈ پارکنگ پراجیکٹ پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا، نیلا گنبد میں چوک میں فرسٹ انڈیا بینک، ایونگ ہال اور پاک ٹی ہاؤس کو تاریخی شکل میں بحال کیا جائے گا۔ دوران اجلاس اندرون لاہور میں ہنرمندوں کی شناخت سے منسوب 36 کوچہ / گلیوں پر رپورٹ پیش کی گئی، داتا دربار کی توسیعی پراجیکٹ پر پیشرفت کا جائزہ بھی لیا گیا، توسیع کے لئے 18 کنال اراضی حاصل کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے متاثرین کو مارکیٹ ریٹس پر ادائیگی کی ہدایت کردی۔

بقیہ نمبر 14

ائین کی جانب سے ادا کئے۔ انہوں نے بارش کے باعث مکان کی دیوار گرنے سے میاں بیوی شیر ولی اور ریاست بی بی کے انتقال پر گورنر سندھ کی اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مجید کالونی لانڈھی کے دورہ کے دوران میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ گورنر سندھ نے حادثے میں زخمی خواتین اور بچوں کی عیادت کی اوران کی مالی معاونت بھی کی۔ گورنر سندھ نے این ڈی ایم اے کو ریسکیو کے بھرپور اقدامات کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے عوام سے اپیل کی کہ الیکٹرک پولز اور گرے ہوئے تاروں سے دور رہیں۔ انہوں نے زخمیوں کو بروقت طبی امداد فراہم کرنے کے لیے ہرممکن وسائل بروئے کار لانے کی بھی ہدایت کی۔

بقیہ نمبر 15

ہے، پنجاب حکومت نے امدادی کارڈ کی تقسیم، دسترخوان اور سہولت بازار کے تینوں اہداف حاصل کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لاکھوں مستحق افراد کو ان کی دہلیز پر امدادی رقم کے کارڈ پہنچائے گئے ہیں، کسی بھی سفید پوش اور مستحق شہری کی عزت نفس کو مجروح نہیں کیا گیا، اربوں روپے کے رمضان پیکج کی تقسیم کا عمل شفاف طریقے سے سرانجام پایا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں شہریوں نے مریم کے دسترخوانوں سے روزے افطار کئے ہیں، یہ ہے مریم نواز کا پنجاب بدلتا ہوا پنجاب۔ صوبے میں آج الحمدللہ نئی مثالیں قائم ہو رہی ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے مزید کہا کہ مریم نواز نے پنجاب کے وزرا اور افسران کو عوام کی خدمت کرنا سکھائی ہے، پہلی حکومتوں کو عوام ڈھونڈتے تھے در بدر دھکے کھاتے تھے، اب حکومت اور حکومتی وسائل خود چل کر لوگوں کی دہلیز تک پہنچ رہے ہیں، یہ ہے اصل تبدیلی اور یہ ہے اصل انقلاب۔

بقیہ نمبر 16

کمی کے بعد 1لاکھ 52ہزار 10پر آ گیا۔ کاروبار کے دوران 100انڈیکس 1لاکھ 51ہزار 51 کی نچلی سطح تک آیا، جبکہ 1لاکھ 52ہزار 698 کی بلندی پر بھی گیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز کاروبار کے اختتام پر 100انڈیکس 1لاکھ 54ہزار 292پوائنٹس پر بند ہوا تھا۔

بقیہ نمبر 17

حقائق کمشنر کی رپورٹ کے برعکس نظر آ رہے ہیں۔ شہر کے کئی مقامات پر گرے ہوئے درخت اب بھی اپنی جگہ موجود ہیں جس سے ٹریفک کی روانی متاثر ہو رہی ہے۔ گارڈن پولیس ہیڈ کوارٹر کے قریب صورتحال جوں کی توں ہے، جہاں بجلی کا کھمبا ٹیڑھا ہو چکا ہے اور تاریں خطرناک حد تک نیچے لٹک رہی ہیں۔ یہاں ایک بڑا بورڈ بھی لٹکا ہوا ہے جو کسی بھی وقت حادثے کا سبب بن سکتا ہے۔ سولجر بازار کی گلیوں میں گرے ہوئے درخت اب بھی موجود ہیں، جنہیں تاحال نہیں ہٹایا گیا۔ گزشتہ رات حادثات کے بعد ریسکیو کا کام زیادہ تر پولیس اور فلاحی اداروں نے انجام دیا تھا۔ راشد منہاس روڈ پر گرا ہوا سن شیڈ ٹریفک پولیس کے اہلکاروں نے عام شہریوں کی مدد سے ہٹایا، جس میں ضلعی انتظامیہ کا عملہ نظر نہیں آیا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ انتظامیہ کی جانب سے کاغذی کارروائی کے بجائے عملی طور پر صفائی اور مرمت کے کاموں کو تیز کرنے کی ضرورت ہے تاکہ مزید کسی جانی یا مالی نقصان سے بچا جا سکے۔

بقیہ نمبر 18

نے بتایا کہ ہر سیزن سے قبل کیمپ کا انعقاد اس لیے کیا جاتا ہے تاکہ کھلاڑی ایک دوسرے کو بہتر سمجھیں اور ٹیم کے ماحول کے ساتھ ہم آہنگ ہو جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ 4سے 5سال ٹیم کے لیے انتہائی کامیاب رہے ہیں، خاص طور پر پلیئر ڈیولپمنٹ پروگرام کے ذریعے نئے ٹیلنٹ کو سامنے لانے میں۔ قومی فاسٹ بولر کے مطابق ملک بھر میں ٹرائلز کے ذریعے باصلاحیت کھلاڑی منتخب کیے گئے، انہیں مواقع فراہم کیے گئے، اور بعض کھلاڑی قومی سطح تک پہنچنے میں کامیاب ہوئے، جو ٹیم کے لیے ایک بڑی کامیابی ہے۔ شاہین آفریدی نے امید ظاہر کی کہ رواں سال بھی ٹرائلز کے ذریعے نئے نوجوان کھلاڑی سامنے آئے ہیں، اور ایک یا دو باصلاحیت نوجوان پی ایس ایل میں جگہ بنانے میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ برسوں کے لیے بھی مضبوط کھلاڑی تیار کیے جا رہے ہیں۔ کپتان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ نئے مقامی اور غیر ملکی کھلاڑیوں کے شامل ہونے اور نئے گراؤنڈز پر میچز کے انعقاد سے شائقین کرکٹ کو مزید دلچسپ مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔

بقیہ نمبر 19

مزید بات کرتے ہوئے اداکارہ نے بتایا کہ وہ شدید ڈپریشن کا شکار ہوگئی تھیں، ابتدائی طور پر انہیں سمجھ نہیں آیا کہ انہیں کیا ہوا ہے۔ نوشین شاہ کے مطابق انہوں نے انتہائی خطرناک اور مایوس کرنے والا وقت دیکھا، وہ خدا کی شکرگزار ہیں کہ انہیں بیماری اور پریشانی سے نجات ملی۔

بقیہ نمبر 20

گیا۔ وفاقی وزیرِ قانون نے اس موقع پر کہا کہ بار کونسلز حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیں اور ان کی مضبوطی نظامِ انصاف کے مؤثر قیام کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس امر کا اعادہ کیا کہ وفاقی حکومت بار کونسلز کے ترقیاتی منصوبوں میں بھرپور معاونت فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ ملاقات کے دوران بار کونسل کے جاری اور مجوزہ منصوبوں کے لیے حکومتی تعاون بڑھانے، وکلاء کو درپیش مسائل کے حل اور سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے بھی گفتگو کی گئی۔ وفاقی وزیرِ قانون نے وکلاء برادری کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ نظامِ انصاف میں بار کونسلز کا کردار انتہائی اہم ہے اور حکومت اس کردار کو مزید مؤثر بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر 21

سیدآباد اور اطراف کے علاقوں میں بارش ہوئی۔ عمرکوٹ میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی و تیز بارش ہوئی ہے جس کے بعد بجلی معطل ہوگئی۔ بارش اور تیز ہوا کے سبب گندم اور اسپغول کی تیار فصلوں کو شدید نقصان پہنچا۔

بقیہ نمبر 22

میں لے لیا گیا ہے۔ حکام نے بتایا کہ یہ گروہ بینکوں اور ڈیٹ سیٹلمنٹ ایجنسیوں (قرضہ تصفیہ) کا نمائندہ بن کر معصوم شہریوں اور غیرملکیوں سے مالی فراڈ کرتا تھا۔ چھاپے کے دوران ملزمان کے قبضے سے حساس مالی ڈیٹا، جدید سافٹ ویئر اور دیگر آلات برآمد ہوئے ہیں۔ دوران تفتیش ملزمان نے اعتراف کیا ہے کہ وہ ہنڈی اور حوالہ کے ذریعے رقوم کی غیر قانونی منتقلی میں بھی ملوث تھے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف پیکا ایکٹ 2025 کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ اس بین الاقوامی فراڈ نیٹ ورک کے دیگر سہولت کاروں کی تلاش کے لیے مزید تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے تاکہ اس نیٹ ورک کی جڑوں تک پہنچا جاسکے۔

بقیہ نمبر 23

کی کوششیں جاری رکھیں گے۔ واضح رہے کہ پاکستان اور افغانستان نے عیدالفطر کی آمد سے قبل ایک دوسرے کے خلاف جاری حملوں میں عارضی وقفے کا اعلان کیا ہے۔ بدھ کو پاکستان کے وزیرِ اطلاعات عطااللہ تارڑ نے کہا کہ آپریشن میں وقفے کا فیصلہ عیدالفطر کی مناسبت سے سعودی عرب، قطر اور ترکی کی درخواست پر کیا گیا ہے اور یہ 18اور 19مارچ کی درمیانی شب سے 23اور 24مارچ کی درمیانی شب تک نافذ العمل ہوگا۔

بقیہ نمبر 24

(LTV) کے لیے رفتار کی حد100 کلومیٹر فی گھنٹہ جبکہ پبلک سروس وہیکلز (PSV) اور ہیوی ٹرانسپورٹ وہیکلز(HTV) کے لیے90 کلومیٹر فی گھنٹہ مقرر کی گئی ہے۔ اسی طرح ہائی ویز پر کار اور LTV کے لیے حدِ رفتار 80 کلومیٹر فی گھنٹہ اور PSV،HTV کے لیے 65 کلومیٹر فی گھنٹہ مقرر کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 25

اسرائیل کی عدم استحکام پیدا کرنے والی کارروائیوں کے خلاف علاقائی مستعدی پر زور دیا۔ عباس عراقچی نے کشیدگی بڑھانے والی امریکی اسرائیلی کارروائیوں کے خلاف علاقائی ممالک میں باہمی تعاون پر زور دیا۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ ایران کے انفرااسٹرکچر پر حالیہ امریکی اسرائیلی حملے کشیدگی کو بڑھانے کے لیے کیے گئے۔ عباس عراقچی کا کہنا ہے کہ ایران اپنی خودمختاری اور سلامتی کے دفاع میں کوئی کسر نہیں چھوڑے گا۔

بقیہ نمبر 26

نارتھ ناظم آباد، سرجانی ٹاؤن، ایف بی ایریا، صدر اور کلفٹن سمیت مختلف علاقوں میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہوئی، کینٹ، ریلوے کالونی، دہلی کالونی، گلشن اقبال، گلشن جمال اور گارڈن میں بھی تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہوئی۔ آندھی کے ساتھ گرج چمک کا سلسلہ بھی جاری رہا، بارش کے بعد معین آباد، عالمگیر سوسائٹی، شادمان ٹاؤن 14اے، گلشن اقبال کے مختلف علاقوں اور ڈیفنس فیز ٹو، ون، اختر کالونی، کشمیر کالونی، نارتھ کراچی کے مختلف علاقوں میں بھی بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شارع فیصل پر ہوا کی رفتار 90 کلومیٹر فی گھنٹہ ریکارڈ کی گئی، ماڑی پور میں ہوا کی رفتار 97 کلومیٹر فی گھنٹہ ریکارڈ کی گئی۔ تیز ہوا کے باعث مختلف علاقوں میں درخت بھی گر گئے، کلفٹن ڈرائیونگ لائسنس برانچ کے قریب تیز ہوا سے درخت گر گیا، 2 افراد درخت کے نیچے پھنس گئے جنہیں طویل کوشش کے بعد باہر نکال لیا گیا، محمد علی سوسائٹی میں ٹیپو سلطان روڈ پر بل بورڈ گر گیا۔ بلدیہ مواچھ گوٹھ کے قریب دیوار گرنے سے 11افراد جاں بحق ہوگئے، ترجمان ریسکیو کے مطابق دیوار گرنے سے 3افراد زخمی بھی ہوئے، لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ ایس ایس پی کیماڑی کے مطابق دوسری منزل کی چھت پہلی منزل پر گری، یہ رہائشی عمارت نہیں، پولیس نفری موقع پر پہنچ گئی، سرچ اور ریسکیو آپریشن تادیر جاری رہا مزید افراد کے دبے ہونے کا بھی خدشہ ہے۔ شاہ لطیف مرغی خانہ سٹاپ کے قریب آسمانی بجلی گرنے سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا، قائد آباد مجید کالونی میں بھی گھر کی دیوار گرنے سے 3افراد زخمی ہوئے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے انتظامیہ کو ہائی الرٹ رہنے کا حکم دے دیا، تمام بلدیاتی اداروں اور ڈی ایم سیز کو فوری طور پر فیلڈ میں نکلنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا امدادی سرگرمیوں میں کسی بھی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، اہم شاہراہوں اور نشیبی علاقوں سے نکاسی آب کا کام ترجیحی بنیادوں پر کیا جائے۔ وزیر بلدیات سندھ ناصر حسین شاہ نے کراچی سمیت پورے صوبے میں ہائی الرٹ جاری کردیا، متعلقہ محکموں کے تمام عملے کی عید کی چھٹیاں منسوخ کردی گئیں، مارکیٹوں کے اطراف سے نکاسی فوری کرنے کی ہدایت کردی گئی۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ رات میں مزید بارش کا امکان نہیں تاہم دوپہر کے بعد بارش کا امکان رہے گا، تیز ہوا اور گرج چمک کے ساتھ کہیں کہیں موسلا دھار بارش ہوسکتی ہے، چند مقامات پر ژالہ باری کا بھی امکان ہے، عید کے پہلے دن ہلکی بارش کا امکان رہے گا، 24 سے 27مارچ کے دوران بھی مغربی ہواؤں کا سلسلہ کراچی سمیت سندھ میں بارش کا سبب بن سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 27

دفتر خارجہ کے مطابق گذشتہ روز ہونے والے اجلاس میں آذربائیجان، بحرین، مصر، اردن، کویت، قطر، لبنان، ترکیہ، شام اور متحدہ عرب امارات)یو اے ای (کے وزرائے خارجہ شریک ہوئے۔ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے تمام برادر ممالک کی علاقائی سالمیت، خودمختاری اور سیاسی آزادی کی مکمل حمایت کا اظہار کیا۔ نائب وزیراعظم نے برادر ممالک کے علاقوں پر ہونے والے تمام حملوں کے خاتمے پر زور دیا۔ انہوں نے مسلم امہ کے اتحاد کی اہمیت کو اجاگر کیا جبکہ جاری تنازع کے فوری خاتمے کا مطالبہ کیا۔ اسحاق ڈار نے پاکستان کی جانب سے مکالمے اور سفارتکاری پر زور دیا، انہوں نے خطے میں جاری بحران کی بنیادی وجوہات حل کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ اسحاق ڈار نے اسرائیل کی مسلسل جارحیت واشتعال انگیزی، شہریوں، توانائی کے شعبے اور اہم تنصیبات پر حملوں کی مذمت کی۔ نائب وزیراعظم نے ایسے تمام اقدامات کے فوری خاتمے کا مطالبہ کیا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ ایسے کسی بھی عمل سے گریز کرنا چاہیے جو علاقائی و عالمی توانائی سلامتی کو نقصان پہنچا سکتا ہو۔

بقیہ نمبر 28

کا نشانہ بنایا اسی پرخود 200ارب روپے خرچ کر دیے، اب جبکہ عالمی منڈی میں خام تیل 115ڈالر تک پہنچ چکا ہے حکومت کون سا بیانیہ استعمال کرے گی عوامی ریلیف کا یا بوجھ عوام پر منتقل کرنے کا۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا 2022 سے اب تک پاکستان کی تاریخ کا بدترین مہنگائی کا بم عوام پر پھوڑا گیا ہے۔ حکومت نے مہنگائی کنٹرول کرنے کے نام پر معیشت کو ہینڈ بریک لگا کر مفلوج کر دیا ہے۔ ڈالر کا مصنوعی ریٹ اور پیٹرولیم کمپنیوں کو دیا گیا 20ارب روپے کا مشکوک منافع عوام کی جیب پر ڈاکہ ہے۔ عالمی بحران کے تھپیڑوں میں ڈوبتی معیشت اب کسی بڑے طوفان کی متحمل نہیں ہوسکتی ہے۔ تیمور سلیم جھگڑا نے مزید کہا حکومت نے بچت کے نام پر صرف عوام کا گلا گھونٹا، خود گلف اسٹریم جیٹ اور 9 کروڑ کی لینڈ کروزرز کے مزے لوٹے۔ نہ کوئی اصلاحات، نہ اخراجات میں کمی۔ سرمایہ کاری میں 44فیصد کی بڑی گراوٹ دیکھنے میں آئی ۔ مقامی سرمایہ کاری تاریخ کی کم ترین سطح (13فیصد) پر ہے برآمدات میں 33فیصد کی ہولناک کمی ہوئی، جب مقامی سرمایہ کار کا بھروسہ اٹھ جائے اور حکمران شاہانہ طرز زندگی نہ چھوڑیں، تو معیشت کا یہی حال ہوتا ہے۔

بقیہ نمبر 29

بنانے کی صلاحیت کو ممکنہ طور پر بہت زیادہ نقصان پہنچا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ایران میں 7ہزار فوجی اہداف کو نشانہ بنایا گیا ہے، ایران کی 11 آبدوزوں کو تباہ کردیا گیا ہے۔ ایران کے ریڈار اور دفاعی سسٹم کو تباہ کردیا ہے۔ ایرانی نیوی کے 120 جہازوں کو تباہ کر چکے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایرانی پاسداران انقلاب کے اعلیٰ عہدیداروں کو ختم کردیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 30

حیثیت رکھتا ہے، 5جی سپیکٹرم لائسنس کی انتہائی شفاف انداز میں نیلامی کی گئی۔ وزیراعظم نے کہا کہ درپیش قانونی چیلنجز کو خوش اسلوبی سے حل کرنے پر پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، زونگ اور دیگر شراکت دار ٹیلی کام آپریٹرز کے تعاون کو سراہتے ہیں، نوجوان جدید ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھا کر آئی ٹی شعبے میں ملک کا نام روشن کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاک چین دوستی منفرد، اہم جھلک یہ جدید ٹیکنالوجی ہے، ملک کے طول و عرض میں ٹیکنالوجی کی جدید سہولیات فراہم کررہے ہیں۔ وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ کا کہنا تھا کہ حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے پروگرام کو چھوٹا رکھا گیا، پاکستان میں پہلی مرتبہ 5 جی سروس متعارف کرائی گئی ہے، کامیابی وزیراعظم کی قیادت میں مکمل ٹیم ورک کے باعث ممکن ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو بہتر 4جی سروسز فراہم کرنے کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں، آنے والے چند ماہ میں مجموعی طور پر انٹرنیٹ کا معیار بہتر ہوگا۔ فائیو جی سپیکٹرم کے لائسنس کے اجرا کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی اے میجر جنرل (ر) حفیظ الرحمان نے کہا کہ پاکستان میں موبائل ٹیکنالوجی کی ترقی کا آغاز 90 کی دہائی کے اوائل میں ہوا، 2004 سے 2025 تک سپیکٹرم کے حوالے سے چار نیلامیاں کی گئیں۔ ان کا کہنا تھا کہ 480میگا ہرٹز کی شفاف انداز میں نیلامی اور لائسنس اجرا کیا گیا، پاکستان خطے میں سپیکٹرم کی استعداد کے حوالے سے پہلے نمبر پر آگیا ہے۔ پی ٹی اے کے مطابق پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کے مطابق بڑی ٹیلی کام کمپنیاں مرحلہ وار سروس شروع کر رہی ہیں، زونگ اور جاز آج سے ہی 5جی سروسز کا آغاز کر دیں گی، جبکہ یوفون چند روز بعد اس سروس کو متعارف کرائے گی۔ ذرائع کے مطابق ٹیلی کام کمپنیاں موبائل مینوفیکچرنگ کمپنیوں سے بھی رابطے میں ہیں، اور صارفین کو جلد ہی اپنے موبائل فونز پر سافٹ ویئر اپڈیٹ کے پیغامات موصول ہوں گے تاکہ وہ 5جی سروس سے استفادہ کرسکیں۔ ابتدائی مرحلے میں 5جی سروسز ملک کے بڑے شہروں لاہور، کراچی، اسلام آباد، کوئٹہ اور پشاور کے اہم مقامات پر فراہم کی جائیں گی۔ ماہرین کے مطابق 5جی ٹیکنالوجی کے آغاز سے انٹرنیٹ کی رفتار میں نمایاں اضافہ ہوگا، جس سے ڈیجیٹل سروسز، کاروبار اور آن لائن معیشت کو فروغ ملے گا۔

بقیہ نمبر 31

کے ساتھ مکمل کیا جائے۔ اجلاس میں صوبائی وزرا ناصر حسین شاہ، جام خان شورو، میئر کراچی مرتضیٰ وہاب، چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ، پرنسپل سیکریٹری آغا واصف، چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ نجم شاہ، سیکریٹری بلدیات وسیم شمشاد، چیئرمین سی آئی ای سی ڈاکٹر سروش ہشمت لودھی، چیف ایگزیکٹو آفیسر کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن احمد علی صدیقی، پروجیکٹ ڈائریکٹر کے ڈبلیوایس ایس آئی پی عائشہ حمید، چیف آپریٹنگ آفیسر کے ڈبلیوایس سی اسداللہ خان اور دیگر حکام نے شرکت کی۔ وزیراعلیٰ کو بتایا گیا کہ کے فور پائپ لائن پر کام تیز کر دیا گیا ہے خصوصاً کراچی بی آر ٹی ریڈ لائن پروجیکٹ کے ساتھ مشترکہ 2.7 کلومیٹر طویل کوریڈور پر کام جاری ہے۔ منصوبے کی تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے اب روزانہ دو بڑی پائپ لائنز بچھانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ مراد علی شاہ نے ہدایت دی کہ گنجان آباد علاقوں میں موجود یوٹیلٹی لائنز کے پیش نظر جدید کھدائی تکنیک استعمال کی جائے تاکہ عوامی انفراسٹرکچر کو نقصان نہ پہنچے اور شہری خدمات متاثر نہ ہوں۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ کے ڈبلیوایس ایس آئی پی کے فیز ون کے متعدد اہم اجزا تکمیل کے قریب ہیں۔ ایک کسٹمر سروس سینٹر مکمل ہو چکا ہے جبکہ دیگر سینٹرز آخری مراحل میں ہیں۔ سینٹر آف ریفارم، ریسرچ اینڈ انوویشن (سی ای آر آر آئی) کی عمارت اور سروس گاڑیوں کے لیے پارکنگ شیڈز بھی زیرتعمیر ہیں۔ حکام نے دھابیجی رائزنگ مین اور دھابیجی پمپنگ اسٹیشن کی بحالی میں نمایاں پیشرفت سے بھی آگاہ کیا، جو کراچی کے بڑے پیمانے پر پانی کی ترسیل کے نظام کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ ادارہ جاتی اصلاحات کے تحت کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن نے صارفین کے لیے ایک مشترکہ ڈیجیٹل پلیٹ فارم متعارف کرایا ہے جس کے ذریعے شہری بلوں کی ادائیگی، شکایات کا اندراج اور واٹر ٹینکر کی بکنگ آن لائن کر سکتے ہیں۔ یہ پلیٹ فارم اردو، انگریزی اور سندھی زبانوں میں دستیاب ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ کے ڈبلیوایس ایس آئی پی کے تحت پسماندہ اور غیر رسمی آبادیوں تک پانی اور سیوریج کی سہولیات کی فراہمی بھی یقینی بنائی جارہی ہے۔ صوبا نگر اور عیسیٰ نگری جیسے علاقوں کو کمیونٹی پروگرامز کے ذریعے بہتر نظام سے منسلک کیا جارہا ہے۔ وزیراعلیٰ نے اس بات پر زور دیا کہ پانی اور نکاسی آب کی سہولیات تک مساوی رسائی منصوبے کا بنیادی مقصد ہونا چاہیے تاکہ کراچی کے ہر شہری کو محفوظ پانی اور مناسب سیوریج کی سہولت میسر ہو۔ اجلاس میں کے ڈبلیوایس ایس آئی پی کے فیز ٹو کی تیاریوں کا بھی جائزہ لیا گیا جس کے تحت پانی کے انفراسٹرکچر اور ادارہ جاتی اصلاحات کو مزید وسعت دی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ آئندہ مرحلہ عالمی بینک اور ایشین انفراسٹرکچر انویسٹمنٹ بینک کے تعاون سے شروع کیا جائے گا۔ اجلاس کے اختتام پر وزیراعلیٰ نے تمام محکموں کو قریبی رابطہ برقرار رکھنے اور منصوبے کی بروقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ کے ڈبلیوایس ایس آئی پی کی کامیابی کراچی کے پانی اور سیوریج کے نظام میں بنیادی تبدیلی لائے گی، اس لیے موجودہ رفتار کو برقرار رکھتے ہوئے شہریوں کے لیے دیرپا بہتری فراہم کی جائے۔

بقیہ نمبر 32

البوسعیدی نے کہا کہ امریکا کو موجودہ بحران سے نکلنے کے لیے اتحادیوں کی مدد درکار ہے۔ عمانی وزیر خارجہ نے کہا کہ گزشتہ 9ماہ میں دو بار امریکا اور ایران معاہدے کے قریب پہنچے تھے، 28فروری کو اسرائیل اور امریکا کے حملوں نے ممکنہ امن کو نقصان پہنچایا۔ انہوں نے کہا کہ ایران کا ردعمل ناگزیر تھا، اگرچہ وہ افسوسناک اور ناقابل قبول ہے، ایرانی قیادت کے لیے جوابی کارروائی شاید واحد عملی راستہ تھا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جنگ میں شامل ہونا امریکا کی بڑی غلطی ہے، یہ جنگ امریکا کی نہیں تھی، امریکا اور اسرائیل جو چاہ رہے تھے، وہ ان کو ملنے کا کوئی امکان نہیں۔

بقیہ نمبر 33

اپنے گھر لے جا کر مجھ سے زیادتی کی، زیرحراست افراد میرے شور واویلا کرنے پر فرار ہوگئے تھے۔ دھمیال پولیس نے خاتون کی درخواست پر فوری مقدمہ درج کر کے ملوث چاروں افراد کو گرفتار کر لیا، متاثرہ خاتون کا میڈیکل پراسس کروایا گیا ہے۔ ایس پی صدر انعم شیر کا کہنا تھا کہ زیرحراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔ خواتین اور بچوں سے تشدد زیادتی یا ہراسمنٹ ناقابل برداشت ہیں۔

بقیہ نمبر 34

وقت نائٹ ویژن دوربینوں سے مانیٹرنگ کی ہدایت بھی جاری کی گئی ہے۔ مریم نواز شریف نے چاند رات کے موقع پر سڑکوں پر ون ویلنگ کی روک تھام کے لیے سخت نگرانی کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف فوری کارروائی کی جائے۔ انہوں نے اے ٹی ایمز اور بینکوں کے اطراف سکیورٹی اور گشت بڑھانے، جبکہ پولیس اور ٹرانسپورٹ حکام کو بس سٹینڈز اور ویگن اڈوں پر مسلسل مانیٹرنگ یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔ مزید برآں، ہدایت میں پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں سے متعلق شفافیت یقینی بنانے کے لیے بسوں اور ویگنز کی ونڈ سکرین پر مقررہ کرایہ نامہ آویزاں کرنے کا حکم بھی شامل ہے۔

بقیہ نمبر 35

نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل اس مقام پر دوبارہ حملہ نہیں کرے گا، تاہم ایران کو خبردار کیا کہ اگر اس نے قطر کی توانائی تنصیبات کو نشانہ بنایا تو امریکا انتہائی سخت ردعمل دے گا۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ قطر کی ایل این جی تنصیبات پر حملے بلا جواز اور غیر منصفانہ ہیں، اور اگر ایسے حملے دوبارہ ہوئے تو امریکا ایسا جواب دے گا جس کی شدت پہلے کبھی نہیں دیکھی گئی۔ امریکی صدر نے مزید کہا کہ ایران کی جانب سے قطر پر حملہ خطے میں کشیدگی کو مزید بڑھا سکتا ہے، جبکہ امریکا اس سطح کی تباہی سے بچنا چاہتا ہے کیونکہ اس کے ایران پر طویل المدتی اثرات مرتب ہوں گے۔

بقیہ نمبر 36

تراشی سے نہیں بچتیں۔

بقیہ نمبر 37

دہشت گردی کے لیے استعمال ہونے سے روکیں، پاکستان اپنے عوام کے خلاف دہشت گردی کے لیے افغان سرزمین کے استعمال کو ہرگز برداشت نہیں کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردوں اور ان کے ٹھکانوں کو جہاں کہیں بھی ہوئے، آپریشنز کے ذریعے ختم کیا جائے گا، آپریشن غضب للحق کا مقصد یہی ہے، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف جہاں بھی ہوں، خفیہ معلومات کی بنیاد پر مؤثر کارروائیاں جاری رہیں گی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق علمائے کرام نے مذہب کے نام پر تشدد کی سخت الفاظ میں مذمت کی، علمائے کرام نے ملک میں امن و استحکام کیلئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی۔

بقیہ نمبر 38

ہے۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق حملہ دنیا کے سب سے بڑے گیس فیلڈ ساؤتھ پارس گیس فیلڈ پر کیا گیا جو ایران کے صوبہ بوشہر کے ساحل کے قریب واقع ہے۔ اس حملے نے نہ صرف ایران بلکہ عالمی گیس سپلائی کو بھی شدید خطرے میں ڈال دیا ہے۔ حملے کے فوری بعد اسلامی انقلابی گارڈ کور نے دھمکی دی کہ وہ قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کی آئل و گیس تنصیبات کو نشانہ بنا سکتا ہے جس سے پورے خطے میں خوف کی فضا قائم ہو گئی۔ اسی دوران قطر کے راس لفان گیس فیسلٹی میں ایرانی بیلسٹک میزائل حملے کے بعد آگ لگنے کی اطلاع ملی جسے بعد میں حکام نے قابو میں آنے کی تصدیق کی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملوں اور اس کے بعد ایران کی جوابی کارروائیوں نے مشرق وسطیٰ سے تیل اور گیس کی ترسیل کو شدید متاثر کیا ہے جبکہ کئی مقامات پر پیداوار بھی روک دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 39

نشانہ بنا رہا ہے، یہ دعویٰ کہ یہ حملے امریکی فوجی اڈوں کی وجہ سے ہیں، ناقابل یقین ہے، ایران کے اپنے ہمسایہ ممالک پر حملوں کے نتائج ہوں گے اور یہ اقدامات تہران کو مزید تنہائی کی طرف دھکیل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران ہمسایہ ممالک کے ساتھ مکالمے پر یقین نہیں رکھتا اور ان پر دباؤ ڈالنے کی کوشش کرتا ہے، یہ دباؤ کامیاب نہیں ہوگا، مملکت اس دباؤ کے سامنے نہیں جھکے گی، بلکہ یہ دباؤ الٹا اثر ڈالے گا۔ سعودی وزیرخارجہ نے کہا کہ سمندری راستوں کی آزادی کو درپیش کسی بھی خطرے کیلئے اجتماعی اقدامات ضروری ہیں، اسلامی ممالک کے وزرائے خارجہ اجلاس میں اتفاق کیا گیا کہ ایران کو اپنے پراکسی گروپس کی حمایت بند کرنی چاہیے، ایران تنازع میں سعودی عرب کی اولین ترجیح خلیجی ممالک پر حملوں کا خاتمہ ہے۔ شہزادہ فیصل بن فرحان کا مزید کہنا تھا کہ اولین ترجیح ہے کہ خلیجی ممالک پر ہونے والے حملے فوری طور پر بند ہوں، اہم بات یہ ہے کہ میرے ملک اور میرے پڑوسی ممالک، جو اس تنازع کا حصہ نہیں ان پر ہونے والے حملے بند ہوں، ہم ہرممکن ذریعہ استعمال کریں گے تاکہ ان حملوں کو روکا جاسکے۔

بقیہ نمبر 40

عطااللہ تارڑ، شزہ فاطمہ خواجہ، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بھی تحفے توشہ خانہ میں جمع کروائے۔ فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو، چیف آف نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف، چیف آف جنرل سٹاف لیفٹیننٹ جنرل سید عامر رضا، چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نذیر احمد کو ملنے والے تحفے بھی توشہ خانہ میں جمع کرا دیے گئے۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے بھی تحفے نہیں رکھے، سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان نے بھی تحفے توشہ خانہ میں جمع کروا دیے۔ وہاب ریاض، رفعت مختار راجہ سمیت وفاقی سیکرٹریز، پروٹوکول افسران اور دیگر نے بھی تحفے توشہ خانہ میں جمع کروا دیے۔ جو تحفے پاکستانی اعلیٰ شخصیات کو ملے ان میں مہنگی ترین گھڑیاں، قالین، چائے اور کافی سیٹ، تلواریں اور خنجر، مذہبی مقامات کے ماڈلز، پرفیوم، شالیں، آرائشی اشیا، پینٹنگز، کتابیں، یادگاری شیلڈز شامل تھیں۔ سب سے زیادہ تحفے وزیراعظم شہباز شریف کو موصول ہوئے، حکام کیبنٹ ڈویژن کے مطابق تمام تحفے توشہ خانہ میں جمع ہوگئے۔ حکام کیبنٹ ڈویژن کے مطابق نئے قانون کے مطابق کوئی تحفہ اب خریدا نہیں جاسکتا، وہ جمع ہوتا ہے پھر اس کی نیلامی ہوتی ہے۔

بقیہ نمبر 41

نے کہا کہ سعودی فضائی حدود میں میزائل اور ڈرون خطرات بڑھ رہے ہیں۔ ریاض، جدہ اور دمام کے ایئر پورٹس فعال ہیں۔ امریکی سفارتخانے کا کہنا ہے کہ سعودی عرب کی وارننگ سسٹم کی ہدایات پر عمل کریں۔

بقیہ نمبر 42

کا ایک حصہ بیٹھ گیا۔ پٹیل پاڑہ میں بھی سڑک پر بارش اور سیوریج کا پانی موجود ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز کراچی میں ہونے والی بارش کے دوران مختلف حادثات میں جاں بحق افراد کی تعداد 19ہو گئی ہے۔ دوسری جانب محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ شہر میں آج 50ملی میٹر یا اس سے زائد بارش ہوسکتی ہے جبکہ تیز ہواؤں کے ساتھ گرج چمک بھی جاری رہے گی۔

بقیہ نمبر 43

سینیٹر روبینہ خالد نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کو بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے حوالے سے آگاہ کیا اور رمضان پیکج کے تحت مستحقین میں امدادی رقوم کی تقسیم کے حوالے سے پیشرفت کے بارے میں بھی بتایا۔

بقیہ نمبر 44

ممالک سے آنے والی اور جانے والی پروازوں کو رہنمائی کر کے بڑے خطرے سے بچالیا۔ ایئر ٹریفک کنٹرولر کراچی فلائٹ انفارمیشن ریجن نے جہازوں کی رہنمائی کی اور خراب موسم میں انھیں نکلنے میں مدد فراہم کی، بیکٹر ویسٹ قلات سے پنجگور گوادر کی طرف آتا ہے اس روٹ پر موسم انتہائی خراب ہو گیا تھا، جہازوں کا کنٹرول آٹ ہو رہا تھا اور وہ جہاز ایرانی ایئر اسپیس کی طرف بھٹک رہے تھے جو کہ انتہائی خطرناک تھا۔

بقیہ نمبر 45

کی شہادت پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اخلاقیات اور بین الاقوامی قانون کے تمام اصول روند ڈالے گئے۔ آیت اللہ نجفی خامنہ ای کے نام پیغام میں روسی صدر پیوٹن نے کہا کہ علی لاریجانی سچا دوست تھا، روس کے ساتھ تعلقات میں کردار کو یاد رکھا جائے گا۔ چینی وزارت خارجہ نے کہا کہ اسرائیلی فضائی حملے میں ایرانی قومی سکیورٹی چیف علی لاریجانی کا قتل ناقابل قبول ہے۔ چینی وزارت خارجہ کے مطابق چین جنگ میں ثالثی کی کوششیں کر رہا ہے، چینی خصوصی ایلچی ژائی جن مشرق وسطیٰ کے اعلیٰ حکام سے ملاقاتیں کر چکے ہیں۔

بقیہ نمبر 46

کے بجائے درخواست گزاروں کو نائیکوپ کارڈ پر سفر کرنے کی تجویز دینا کئی سنجیدہ سوالات کو جنم دیتا ہے۔ اپنے ایکس بیان میں وفاقی وزیر عطا تارڑ کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے انہوں نے کہا اس فیصلے کے پیچھے اصل وجہ یہ ہوسکتی ہے کہ نائیکوپ کے ذریعے سفر کی صورت میں برطانوی قونصلر تحفظ حاصل نہیں ہوگا، جو عام طور پر ویزا پر سفر کرنے والوں کو دستیاب ہوتا ہے۔ اگر یہ عمران خان کے بچے نائیکوپ کے تحت پاکستان داخل ہوتے ہیں تو انہیں ممکنہ طور پر گرفتاری یا دیگر قانونی کارروائیوں کی صورت میں کسی بین الاقوامی سفارتی تحفظ سے محروم رکھا جاسکتا ہے۔

ملک میں شوال کا چاند نظر نہیں آیا، عید الفطر کل ہوگی

شوال المکرّم کا چاند دیکھنے کیلئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس وفاقی دارالحکومت میں ہوا، صدارت چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد نے کی

اجلاس میں مرکزی رویت ہلال کمیٹی کے اراکین کے علاوہ محکمہ موسمیات اور سپارکو کے نمائندے بھی شریک ہوئے، کسی بھی مقام سے شوال کے چاند کی کوئی شہادت موصول نہیں ہوئی

اسلام آباد(ویب ڈیسک) ملک بھر میں شوال المکرم کا چاند نظر نہیں آیا، عید الفطر 21 مارچ بروز ہفتہ ہوگی۔ شوال المکرم 1447 ہجری کا چاند دیکھنے کیلئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس وفاقی دارالحکومت میں ہوا جس کی صدارت چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد نے کی۔ اجلاس میں مرکزی رویت ہلال کمیٹی کے اراکین کے علاوہ محکمہ موسمیات اور سپارکو کے نمائندے بھی شریک ہوئے۔ اسلام آباد کے علاوہ چاروں صوبائی دارالحکومتوں سمیت ملک بھر میں زونل رویت ہلال کمیٹیوں کے اجلاس ہوئے۔ اجلاس کے اختتام پر چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی مقام سے شوال کے چاند کی کوئی شہادت موصول نہیں ہوئی، ملک میں عید الفطر 21 مارچ 2026 بروز ہفتہ کو منائی جائے گی۔ جبکہ بھارت کے مختلف حصوں میں شوال کا چاند دیکھنے کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے۔ خصوصا بھارتی حیدرآباد سمیت کئی شہروں میں مرکزی رویت ہلال

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر7

مسلم ممالک کی بقاء اور ترقی کے لیے نیٹو طرز کے مضبوط اتحاد کا قیام ناگزیر ہے، سراج الحق

لاہور(ویب ڈیسک) سابق امیر جماعت اسلامی سراج الحق کا کہنا ہے مسلم ممالک کی بقا اور ترقی کے لیے نیٹو طرز کے مضبوط اتحاد اور مشترکہ معاشی و دفاعی نظام کا قیام ناگزیر ہے۔ اپنے ایکس بیان میں انہوں نے کہا اتحاد ہی طاقت ہے، اور یہی راستہ خودمختاری، استحکام

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر8

وزیراعظم سے چیئرپرسن بی آئی ایس پی کی ملاقات

اسلام آباد(ویب ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے بے نظیر انکم سپورٹ کی چیئرپرسن سینیٹر ڈاکٹر روبینہ خالد نے جمعرات کو یہاں ملاقات کی۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق سینٹر

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر43

کراچی: ایم اے جناح روڈ پر کئی مقامات پر بارش کا پانی موجود

کراچی (ویب ڈیسک) بارش کے بعد شہر کی مرکزی شاہراہ ایم اے جناح روڈ پر متعدد مقامات پر پانی موجود ہے۔ کراچی کے مختلف علاقوں میں وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث مختلف علاقوں میں پانی جمع ہونے کی اطلاعات موصول ہورہی ہیں۔ جہانگیر روڈ پر ترقیاتی کام کے ملبے کے باعث کیچڑ جمع ہوگئی ہے جبکہ لیاقت آباد سپر مارکیٹ کے قریب روڈ کا

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر42

ایئر ٹریفک کنٹرولر کراچی نے 30 مسافر طیاروں کو وار زون میں جانے کے بڑے حادثے سے بچالیا

کراچی(ویب ڈیسک) ایئر ٹریفک کنٹرولر کراچی نے 30 مسافر طیاروں کو وار زون میں جانے کے بڑے حادثے سے بچالیا، طیارے خراب موسم کے باعث ایران کے وار زون ایئر اسپیس میں داخل ہونے کے قریب تھے۔ ذرائع کے مطابق تہران ایئر ٹریفک کنٹرول سے بار بار رابطوں کے باوجود جواب نہیں ملا تو ایئر ٹریفک کنٹرولر کراچی فلائٹ انفارمیشن ریجن نے سعودی عرب، دبئی اور دیگر ممالک

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر44

پشاور کے فوارہ چوک میں عید کی خریداری زوروں پر ہے

امریکی سفارتخانے کی امریکیوں کو سعودی عرب چھوڑنے کی ہدایت

واشنگٹن(ویب ڈیسک) امریکی سفارتخانے نے امریکیوں کو سعودی عرب چھوڑنے کی ہدایت کردی۔ اس حوالے سے امریکی سفارتخانے کا کہنا ہے کہ سعودی عرب میں موجود امریکی کمرشل فلائٹس کے ذریعہ ملک چھوڑ دیں۔ سفارتخانے نے

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر41

پاکستانی اعلیٰ شخصیات نے دوروں کے دوران ملنے والے تحائف توشہ خانہ جمع کروادیئے

اسلام آباد(ویب ڈیسک) پاکستانی اعلی شخصیات نے غیرملکی دوروں کے دوران ملنے والے تحائف توشہ خانہ جمع کروادیے، سال 2025 میں 422 مہنگے ترین تحائف توشہ خانہ میں جمع کروائے گئے۔ صدر پاکستان آصف علی زرداری، وزیراعظم شہبازشریف، ڈپٹی وزیراعظم اسحاق ڈار، چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی، وزیرداخلہ سید محسن رضا نقوی، وزیر اطلاعات

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر40

سہیل آفریدی کا بانی سے اہلِ خانہ کی ملاقاتوں کیلئے وزیراعظم کو خط

عمران خان اور بشریٰ بی بی اس وقت اڈیالہ جیل میں زیرِ حراست ہیں، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

پشاور(ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے عیدالفطر کے موقع پر بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی سے اہلِ خانہ کی ملاقاتوں کی سہولت فراہم کرنے کے لیے وزیراعظم پاکستان کو باقاعدہ خط ارسال کر دیا ہے۔ خط میں وزیراعلیٰ نے نشاندہی کی ہے کہ عمران خان اور بشریٰ بی بی اس وقت اڈیالہ جیل میں زیرِ حراست ہیں، اور ان سے

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر6

19 روز سے مسجد اقصیٰ نماز کے لئے بند ہے، پوری امت مسلمہ غم کی کیفیت میں مبتلا ہے، طاہر اشرفی

لاہور(ویب ڈیسک) چیئرمین پاکستان علما گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پاکستان علما کونسل طاہر

کونسل طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ ایران پر حملے، پوری امت کیلئے غم ناک صورتحال ہے۔ میڈیا سے محمود اشرفی کا کہنا تھا کہ 19 روز سے مسجد اقصی نماز کے لئے بند ہے، پاکستان

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر5

صدر نے پاکستان سٹیزن شپ سمیت اہم ترمیمی بلز کی منظوری دیدی

قانون سازی کے اقدامات میں پاکستان شہریت (ترمیمی) بل 2026، اخباری ملازمین (شرائطِ ملازمت) (ترمیمی) بل 2026 شامل

پروفیسر سرور محمد خواجہ، راشد ملک اور زین العابدین احسن کو ان کی خدمات کے اعتراف میں ستارہ امتیاز دینے کی منظوری بھی دی

اسلام آباد(ویب ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے متعدد قانون سازی کے اقدامات کی منظوری دے دی ہے جن کے ساتھ تقرری، سول اعزازات کی منظوری اور سزاؤں میں خصوصی کمی بھی شامل ہے۔ جمعرات کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق منظور کیے گئے قانون سازی کے اقدامات میں پاکستان شہریت (ترمیمی) بل 2026 ، اخباری

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر1

ایران میں امریکا واسرائیل کیلئے جاسوسی کرنیوالے 97 افراد گرفتار

ملزمان ملک میں بدامنی پھیلانے اور قتل کی کارروائیوں کی منصوبہ بندی کررہے تھے

تہران (ویب ڈیسک) ایران میں امریکا و اسرائیل سے مبینہ تعلق پر 97 افراد کو گرفتار کرلیا گیا۔ ایران کی وزارتِ انٹیلی جنس نے دعویٰ کیا ہے کہ ملک بھر میں کارروائیاں کرتے ہوئے 97 افراد کو گرفتار کرلیا گیا ہے، جن پر امریکا اور اسرائیل کیلئے کام کرنے کا الزام ہے۔ ایرانی سرکاری میڈیا کا کہنا ہے کہ گرفتار افراد میں 13 مبینہ جاسوس بھی شامل ہیں، جنھیں جنوب مشرقی ایران سے حراست میں لیا گیا۔ وزارت کے مطابق ملزمان پر الزام ہے کہ وہ ملک میں بدامنی پھیلانے

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر9

کوئٹہ: مسجد روڈ پر عیدالفطر کے حوالے سے بچوں کے سامان خریدے جارہے ہیں

بڑھتی عمر میں کندھوں کے ٹشوز کی غیر معمولی حالت عام بات ہے، تحقیق

کراچی(ویب ڈیسک) کندھے کا درد درمیانی اور بڑی عمر کے افراد میں ایک عام علامت ہے، یہ درد عموما کندھے کے جوڑ کو

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر10

سونے کی قیمتیں آسمان سے نیچے آگریں، اچانک بڑی کمی ریکارڈ

سونے کی قیمتوں کے ساتھ ساتھ مقامی مارکیٹ میں چاندی بھی سستی ہوگئی

کراچی(ویب ڈیسک) سونے کی قیمتوں میں آج عالمی و مقامی مارکیٹوں میں اچانک بڑی کمی ریکارڈ ہوگئی۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں آج جمعرات کے روز فی اونس سونے کی قیمت میں یکدم 243 ڈالر کی کمی ریکارڈ ہوئی، جس کے نتیجے میں سونے کی نئی عالمی قیمت

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر2

گھوٹکی سے تیل و گیس کے نئے ذخائر دریافت

گھوٹکی (ویب ڈیسک) ماڑی انرجیز نے سندھ کے شہر گھوٹکی سے تیل و گیس کے نئے ذخائر کے دریافت کا اعلان کر دیا

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر3


تمام عالم اسلام کو
عید الفطر مبارک
منجانب
عبدالحمید پنہور
چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل ٹھٹھہ


تمام عالم اسلام کو
عید الفطر مبارک
منجانب
علی حسن بہرانی


تمام عالم اسلام کو
عید الفطر مبارک
منجانب
پیراداحمد میمن
چیئرمین میونسپل کمیٹی ٹھٹھہ


تمام عالم اسلام کو
عید الفطر مبارک
منجانب
وقار علی میمن
ڈی سی آفس ٹھٹھہ


تمام عالم اسلام کو
عید الفطر مبارک
منجانب
عبدالغنی بگھیاڑ
ممبر ڈسٹرکٹ کونسل ٹھٹھہ


تمام عالم اسلام کو
عید الفطر مبارک
منجانب
پیر زین العابدین


تمام عالم اسلام کو
عید الفطر مبارک
منجانب
محمد رمضان پنہور


تمام عالم اسلام کو
عید الفطر مبارک
منجانب
صوفی فقیر ذوالفقار قادری


تمام عالم اسلام کو
عید الفطر مبارک
منجانب
سید بچل شاہ بخاری